21. Discoveries and Inventions to vest in the Council:- All rights relating to technologies evolved and any improvements in materials, methods, processes, apparatus or equipment made by any officer or employee of the Council in the course of his employment shall vest in the Council.

22. Head Office:- The headquarter of the Council shall be at Islamabad.

Sd/-

joint Secretary to the
Government of Pakistan

(۲) وفاقی حکومت کونسل کو کسی افسر، مشیر، صلاح کار یا ملازم کی ملازمت ختم کرنے کی ہدایت دے سکتی ہے اور کونسل اس ہدایت کی تعمیل کرنے کی پابند ہوگی۔

۱۸۔ ادواری رپورٹیں وغیرہ پیش کرنا: (۱) کونسل ہر مالی سال کے خاتمے پر زیادہ سے زیادہ دسمبر کے آخری دن تک اپنے امور کے بارے میں سالانہ رپورٹ پیش کرے گی جس میں حسابات کا خلاصہ بھی شامل ہوگا۔

(۲) کونسل کسی خاص امور کے بارے میں وفاقی حکومت کو معلومات اور رائے بھی پیش کرے گی جو اس سے طلب کی جائے گی۔

۱۹۔ قواعد وضع کرنے کا اختیار: وفاقی حکومت اس قرارداد کے مقاصد کو پورا کرنے کے لیے سرکاری جریدہ میں اعلان کے ذریعے قواعد وضع کر سکتی ہے۔

۲۰۔ ضوابط وضع کرنے کا اختیار: کونسل ایسے ضوابط وضع کر سکتی ہے جو اس قرارداد کی دفعات کے خلاف نہ ہوں اور جو اس کے مقاصد حاصل کرنے کے لیے اور اس کے فرائض کی بہتر انجام دہی کے لیے مناسب ہوں۔

۲۱۔ دریافتوں اور ایجادوں کے حقوق: کونسل کے کسی افسر یا ملازم کی طرف سے ٹیکنالوجی کا ارتقا، سامان، طریقوں، عمل کاری، آلات یا دیگر سامان میں کسی قسم کی ترقی کے تمام حقوق بحق کونسل محفوظ ہوں گے۔

۲۲۔ صدر دفتر: کونسل کا صدر دفتر اسلام آباد میں ہوگا۔

شریک معتمد
حکومت پاکستان

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

The Manager,
Printing Corporation of Pakistan Press,
Karachi.

Copy forwarded to:-

1. All Ministries/Divisions of the Federal Government
2. All members of the Council.
3. Chief Secretaries of all the Provincial Governments.
4. All Research Councils/Organizations under the Administrative Control of the Ministry of Science and Technology.
5. All officers of the Ministry.

Sd/-

Section Officer

منتظم

پاکستان چھاپہ خانہ کارپوریشن

کراچی

نقل بنام :-

۱۔ جملہ وزارتیں/ڈویژن وفاقی حکومت

۲۔ جملہ اراکین کونسل

۳۔ صوبائی حکومتوں کے معتمدانِ اعلیٰ

۴۔ وزارت سائنس و ٹیکنالوجی کے زیرِ انتظام جملہ کونسلیں/ادارے

۵۔ جملہ افسران وزارت

افسر صیغہ

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

نمبر ____________

حکومتِ پاکستان

مالیات ڈویژن

(ضابطہ سرشتہ-۲)

اسلام آباد، مورخہ ۱۸ جنوری ۱۹۸۶ء

قرارداد

عمومی کفالتی فنڈ (جی پی فنڈ) اور اسی قسم کے دوسرے فنڈوں میں چندہ دہندگان کی جمع کرائی گئی رقوم اور ان کے کھاتوں میں موجود بقایاجات پر شرحِ سود کا تعین اس ڈویژن کی قرارداد نمبر ایف ۱۰(۴)-آر-۷/۸۴-۱۲۴۷ مورخہ ۲۴ اکتوبر ۱۹۸۴ء کے ذریعے ۳۰ جون ۱۹۸۴ء سے ۱۴ء۶۰ فی صد سالانہ کیا گیا تھا۔ اب یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ مختلف کفالتی فنڈوں کے چندہ جات اور موجودہ بقایاجات پر منافع کی شرح یکم جولائی ۱۹۸۵ء سے شروع ہونے والے مالی سال سے ۱۴ء۷۲ فی صد سالانہ ہوگی۔ متعلقہ فنڈ حسبِ ذیل ہیں:۔

(۱) عمومی کفالتی فنڈ

(۲) شراکتی کفالتی فنڈ

(۳) آئی سی ایس کفالتی فنڈ

(۴) آئی سی ایس (جو کہیں اور نہ ہو) کفالتی فنڈ

۲۔ وزارتِ ریلوے اور وزارتِ دفاع کے زیرِ انتظام مختلف کفالتی فنڈوں پر لاگو ہونے والی شرحِ منافع برائے سال زیرِ بجٹ کے سلسلے میں ضروری ہدایات متعلقہ وزارتیں جاری کریں گی۔

۳۔ حکم دیا گیا ہے کہ قرارداد کو جریدہ پاکستان میں شائع کیا جائے۔

افسر صیغہ

____

منتظم

پاکستان چھاپہ خانہ کارپوریشن

اسلام آباد

نقل بنام: جملہ وزارتیں/ڈویژن

www.iqbalkalmati.blogspot.com

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں: www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

حکومتِ پاکستان

وزارتِ مالیات

راولپنڈی، مورخہ ______

قرارداد

نمبر ______ حکومتِ پاکستان نے ماہرینِ اقتصادیات کا ایک مشاورتی پینل قائم کیا ہے جو اہم اقتصادی امور کے بارے میں وزارتِ مالیات کو ماہرانہ مشورے دیا کرے گا۔

امورِ حوالہ:

پینل وزارتِ مالیات کی طرف سے پیش کردہ اقتصادی مسائل پر مشورے دے گا۔

پینل کا اجلاس جتنی بار ضروری ہو منعقد ہوگا۔

پینل کی تشکیل:

پینل کی تشکیل منسلکہ فہرست کے مطابق ہوگی۔ فہرست پر وقتاً فوقتاً نظرثانی ہوتی رہے گی۔

عہدے کی میعاد:

ہر رکن کی میعادِ عہدہ پینل میں اس کے رسمی تقرر کی تاریخ سے دو سال کے لیے ہوگی۔

اس قرارداد کو جریدہ پاکستان غیر معمولی میں شائع کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

نائب معتمد

ماہرینِ اقتصادیات کا پینل

۱۔ وزیرِ مالیات — صدر نشین

۲۔ اقتصادی مشیر حکومتِ پاکستان — رکن بر اعتبارِ عہدہ

۳۔ اقتصادی ماہر منصوبہ بندی کمیشن — رکن بر اعتبارِ عہدہ

۴۔ ڈائرکٹر ______ بنک دولت پاکستان کراچی

۵۔ ڈائرکٹر ______ پنجاب یونیورسٹی لاہور

۶۔ پروفیسر ______ گورنمنٹ کالج لاہور

۷۔ ڈائرکٹر ______ پشاور یونیورسٹی

۸۔ ڈائرکٹر ______ کراچی یونیورسٹی

۹۔ ڈائرکٹر ______ گومل یونیورسٹی

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں: www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

حکومت پاکستان

کابینہ سیکرٹریٹ

(کابینہ ڈویژن)

راولپنڈی، مورخہ ۶ نومبر ۱۹۸۵ء

قرارداد

نمبر ________ حکومت پاکستان نے فیصلہ کیا ہے کہ کابینہ ڈویژن کی قرارداد مورخہ ۴ اکتوبر ۱۹۷۹ء شائع شدہ جریدۂ پاکستان غیر معمولی مورخہ ۷ اکتوبر ۱۹۷۹ء میں مندرجہ ذیل ترامیم کی جائیں:۔

(۱) لفظ "صدر مملکت" جہاں بھی ہو گا اسے "وزیر اعظم" کے الفاظ سے تبدیل کیا جائے گا۔

(۲) پیراگراف II میں لفظ "کراچی" کو لفظ "اسلام آباد" سے تبدیل کیا جائے گا۔

۲۔ حکم دیا گیا ہے کہ اس قرارداد کو جریدۂ پاکستان میں شائع کیا جائے۔

نائب معتمد

منتظم

پاکستان چھاپہ خانہ کارپوریشن

اسلام آباد

وزارت تعلیم و سائنسی تحقیق

راولپنڈی، مورخہ ۲۴ مئی ۱۹۷۶ء

قرارداد

موضوع: اردو کی ترقی کے لیے مرکزی بورڈ کا قیام

نمبر ۱ (پی ای) ۴۔ ۵۹۴ (کے) ۷۶

پالیسی برائے قومی تعلیم کی سفارشات کی روشنی میں صدر مملکت نے اردو کی ترقی کے لیے مرکزی بورڈ قائم کیا ہے۔ بورڈ کا بنیادی فریضہ قومی اقدار کا فروغ اور اس سطح تک اردو کی ترقی ہو گا جہاں پر یہ تعلیم کے اعلیٰ درجے میں موثر ذریعہ بن سکے۔

۲۔ فرائض: مرکزی بورڈ برائے ترقی اردو کے اغراض و مقاصد یہ ہوں گے:۔

(۱) اردو کی اس انداز سے بنیادی توسیع کہ یہ تحریر اور بول چال دونوں صورتوں میں پاکستان کی عام مشترکہ زبان بن جائے۔

(ب) اردو میں موجودہ خامیوں کو دور کرنا خاص طور پر قدرتی اور عمرانی علوم اور ٹیکنالوجی میں تاکہ یہ اعلیٰ سطح پر ذریعۂ تعلیم بن سکے۔

(ج) اردو میں علمی اور سائنسی کوششوں کے فروغ میں مصروف دوسری تنظیموں کے کام کو مربوط کرنا۔

۳۔ مقاصد کو عملی جامہ پہنانا: بورڈ اپنے اغراض و مقاصد کے حصول کے لیے مختلف اقدامات اور منصوبہ جات کا بیڑا اٹھائے گا۔ یہ بورڈ ایک یا ایک سے زائد منصوبے اس امر کی اہلیت رکھنے والے افراد یا تنظیموں کے سپرد کر سکتا ہے۔ وضاحت کے لیے چند منصوبوں کی نشاندہی درج ذیل ہے:۔

(۱) علاقائی زبانوں کے ایسے الفاظ، محاورات اور ضرب الامثال کی فرہنگ تیار

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کرنا جن کو نصابی کتب، ریڈیو نشریات، فلمی مکالموں اور دوسرے ممکنہ طریقوں سے بہ سہولت اردو میں متعارف کرایا جا سکتا ہو۔ اس نئے ذخیرہ الفاظ کے عملی نفاذ سے قبل اس کے وسیع علاقائی جائزے اور پیشگی آزمائش کی ضرورت ہوگی۔

(ii) مغربی پاکستان کی علاقائی زبانوں کے سلسلے میں اردو کی دو لسانی لغات کی تدوین۔

(iii) اردو اور علاقائی زبانوں میں مشترک الفاظ، محاورات اور ضرب الامثال کی فہرستیں شائع کرنا۔

(iv) بچوں اور نئے خواندہ افراد کے لیے ایسے دو لسانی کتابچوں کے سلسلے کی اشاعت کی حوصلہ افزائی کرنا جن میں اردو متن اور اس کے مقامی زبانوں میں ترجمہ کو ممکن حد تک ایک دوسرے کے قریب رکھا گیا ہو اس طرح اردو زبان کو پوری طرح نہ سمجھنے والوں کو اردو سمجھنے میں اور اس کے ساتھ ساتھ اردو جاننے والے لوگوں کو مقامی زبان سمجھنے میں مدد ملے گی۔

(v) بچوں اور نئے خواندہ افراد کے لیے مختلف موضوعات پر آسان اردو میں مناسب مطالعاتی مواد اور بچوں کے انسائیکلوپیڈیا اور معلوماتی کتب کی اشاعت میں مدد دینا یہ اقدام اردو لٹریچر میں نئے قارئین کی ضروریات کی حد تک ایک بہت بڑے خلا کو پُر کر سکے گا

مندرجہ بالا مقصد (ب) کے سلسلے میں:۔

(i) قدرتی اور عمرانی علوم اور علوم انسانی کے میدانوں میں تعلیم کے مختلف مراحل کے سلسلے میں اردو میں موجودہ لٹریچر کے ذخیرے کی جانچ۔

(ii) اردو لٹریچر میں خامیوں کو دور کرنے کے لیے ایک مرحلہ وار منصوبے کی تیاری اور اردو کی ترقی میں مصروف دوسرے اداروں کے تعاون سے اس پر عمل درآمد کرنا۔

(iii) جملہ مقاصد کے لیے اردو میں ٹائپ کی طباعت کو مقبول بنانا اور اس مقصد کے لیے اردو کی ٹائپ مشینوں اور ٹائپ کے کلیدی تختوں اور حروف کی معیار بندی میں مدد کرنا۔

(iv) مناسب لٹریچر مع علوم کی مختلف شاخوں کے بارے میں اعلیٰ علمی مقالات، حوالجاتی کام، کتب لغت، سوانح حیات، انسائیکلوپیڈیا وغیرہ کی تیاری کو یقینی بنانا تاکہ اعلیٰ تعلیم اور عام قارئین کی ضروریات پوری ہو سکیں۔

۴۔ تشکیل: بورڈ کی تشکیل حسب ذیل ہوگی:

سرپرست: صدر پاکستان بورڈ کے سرپرست ہوں گے

(i) ہیئت حاکمہ: بورڈ کی نگرانی اور نظم و نسق کا اختیار ہیئت حاکمہ کے پاس ہوگا۔ جسے حکومت پاکستان مقرر کرے گی۔ ہیئت حاکمہ مندرجہ ذیل پر مشتمل ہوگی۔

۱۔ صدر نشین حکومت پاکستان نامزد کرے گی۔

۲۔ بارہ اراکین حکومت پاکستان کی طرف سے نامزد کیے جائیں گے۔

۳۔ تین اراکین بورڈ کے مدیران ہوں گے۔

۴۔ وزارت تعلیم و سائنسی تحقیق کا نمائندہ

۵۔ بورڈ کا ناظم (رکن۔ معتمد)

(ii) بورڈ کے نامزد اراکین کی میعاد رکنیت تین سال ہوگی، تاہم سبکدوش ہونے والے اراکین دوبارہ نامزدگی کے اہل ہوں گے۔

(iii) ہیئت حاکمہ اپنے ایک یا ایک سے زیادہ اختیارات / فرائض بورڈ کی کسی کمیٹی یا افسر کو تفویض کر سکتی ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

انتظامی کمیٹی

(i) بورڈ کی ایک انتظامی کمیٹی ہوگی جو حسب ذیل افراد پر مشتمل ہوگی۔

۱۔ بورڈ کے صدر نشین

۲۔ ہیئت حاکمہ کے چھ اراکین جن کو حکومت نامزد کرے گی

۳۔ بورڈ کے ڈائریکٹر

(ii) انتظامیہ کمیٹی کو ہیئت حاکمہ کے انتظامی عضو کی حیثیت حاصل ہوگی۔

مشاورتی کمیٹیاں

بورڈ ایسی مشاورتی کمیٹیاں قائم کرے گا جو اپنے مقاصد کے حصول کے لیے ضروری خیال کرے، خاص طور پر اس کا رابطہ محکمہ تعلیم، انٹرمیڈیٹ اور ثانوی تعلیم کے بورڈوں اور یونیورسٹیوں کے ساتھ قائم کیا جائے گا۔

۵۔ افسران :۔ (i) بورڈوں کا ایک ڈائریکٹر ہوگا جس کا تقرر بورڈ کی طرف سے سرپرست کی منظوری سے ایسی شرائط پر کیا جائے گا جن کا تعین حاکم مجاز کرے گا۔ پہلی تقرری سرپرست کی منظوری سے ہوگی۔ ڈائریکٹر بورڈ کا افسر وصولیابی و ادائیگی ہوگا۔

(ب) بورڈ کے تین ایڈیٹر ہوں گے جن کا تقرر بورڈ کی طرف سے سرپرست کی منظوری کے ساتھ ایسی شرائط پر کیا جائے گا جن کا تعین حاکم مجاز کرے گا۔ پہلا تقرر سرپرست کی منظوری سے حکومت کی طرف سے ہوگا۔

۶۔ مقام وقوع : بورڈ لاہور میں واقع ہوگا

۷۔ مالیات : بورڈ کے فنڈ حکومت کی طرف سے زر امداد اور عطیات اور دیگر ذرائع سے حاصل ہونے والی آمدنی پر مشتمل ہوں گے۔ بورڈ رجسٹر شدہ آڈیٹروں کی طرف سے باضابطہ طور پر آڈٹ کردہ اپنے حسابات کا سالانہ کیفیت نامہ حکومت کو پیش کرے گا۔

یہ قرارداد جریدہ پاکستان میں شائع کی جائے گی اور اس کی ایک ایک نقل مندرجہ ذیل صاحبان کو ارسال کی جائے گی۔

معتمدان اعلیٰ صوبجات

معتمدان صوبائی محکمہ ہائے تعلیم

ناظمان صوبائی محکمہ ہائے تعلیم

وائس چانسلر صاحبان یونیورسٹیاں

صدر نشینان انٹرمیڈیٹ وثانوی تعلیم بورڈ

جملہ وفاقی وزارتیں و ڈویژن

سرکاری ملازمت کا وفاقی کمیشن

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

حکومت پاکستان

وزارت تعلیم

اسلام آباد، مورخہ ۲۷ مارچ ۱۹۸۲ء

قرارداد

نمبر________ اس وزارت کی قرارداد نمبر________ مورخہ ۲۶ مئی ۶۲ء اور بعد ازیں وقتاً فوقتاً جاری کردہ قراردادوں میں حسب ذیل ترامیم کرنے کا فیصلہ کیا ہے:۔

۲۔ (ا) مرکزی بورڈ برائے ترقی اردو کا نام بدل کر "اردو سائنس بورڈ" رکھ دیا گیا ہے جس کا حوالہ بعد ازیں "بورڈ" کے نام سے دیا جائے گا۔

(ب) بورڈ کے فرائض حسب ذیل ہیں:۔

(i) اردو میں موجودہ خامیوں کو دور کرنا خاص طور پر طبیعی و معاشرتی علوم اور تکنیکی علوم کے میدان میں تاکہ یہ تعلیم کی اعلیٰ سطحوں پر ذریعۂ تعلیم بن سکے۔

(ii) سائنسی و تکنیکی اصطلاحات کی معیاری لغات تیار کرنا تاکہ جب ایسی کتابوں کا اردو میں ترجمہ کیا جائے یا اصل کتابیں اردو میں لکھنے کا آغاز ہو تو یہ متعلقہ افراد اور اداروں کے کام آ سکیں۔

(iii) اردو میں سائنسی اور تکنیکی علوم کے فروغ میں مصروف دیگر تنظیموں کے کام کو مربوط کرنا۔

۳۔ بورڈ کا ایک ناظم ہوگا جسے وزیر تعلیم ایسی شرائط کے تحت مقرر کریں گے جن کا تعین وہ خود وقتاً فوقتاً کریں گے۔

۴۔ انتظامی فرائض کی انجام دہی اور مالی معاملات کی نگرانی کے لیے ایک معتمد/افسر انتظامی ہوگا۔ اس کا تقرر ہیئت حاکمہ مقررہ طریقے کے مطابق کرے گی۔

۵۔ (ا) بورڈ کے معاملات کا نظم و نسق ہیئت حاکمہ کے پاس ہوگا جس کی ترمیم شدہ تشکیل اس طرح ہوگی:۔

۱۔ وزیر تعلیم ________ صدر نشین

۲۔ وفاقی حکومت کی طرف سے مقرر کردہ شہرت یافتہ عالم ________ نائب صدر نشین

۳۔ وزارت تعلیم کا نمائندہ ________ رکن

۴۔ یونیورسٹی گرانٹس کمیشن کا نمائندہ ________ رکن

۵۔ مقتدرہ قومی زبان کا ایک نمائندہ ________ رکن

۶۔ مدیر اعلیٰ اردو لغت بورڈ کراچی ________ رکن

۷۔ اردو میں سائنس کے فروغ کے لیے کام کرنے والی پیشہ ور تنظیموں کے دو نمائندے ________ اراکین

۸۔ وفاقی حکومت کی طرف سے مقرر کردہ دو عالم ________ اراکین

۹۔ بورڈ کا ناظم ________ رکن/معتمد

(ب) (i) اراکین بربنائے عہدہ کے علاوہ ہر رکن تین سال تک عہدۂ رکنیت پر فائز رہے گا۔ کسی نامزد رکن کے ہیئت حاکمہ کے رکن نہ رہنے کی صورت میں رکنیت کا عہدہ خالی ہو جائے تو حسب سابق ان کی باقی ماندہ مدت کے لیے کسی دوسرے شخص کو رکن مقرر کیا جائے گا۔

(ii) نامزد اراکین اپنی سابقہ مدت رکنیت ختم ہونے کے بعد دوبارہ رکن بننے کے اہل ہوں گے۔

۶۔ بورڈ کی ایک انتظامیہ کمیٹی ہوگی جس کا سربراہ بورڈ کا نائب صدر نشین ہوگا۔ انتظامیہ کمیٹی کی ترکیب، فرائض اور دوسری شرائط ہیئت حاکمہ کی طرف سے مقرر ہوں گی۔

۷۔ بورڈ کی ملازمت میں موجودہ افسران و ملازمین، خواہ وہ باقاعدہ ملازم ہوں

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

یا معاہدہ پر رکھے گئے ہوں یا اعزازی حیثیت میں کام کر رہے ہوں اپنی موجودہ حیثیتوں میں انہی شرائط پر برقرار رہیں گے جو کہ اس نظرثانی شدہ قرارداد کی عدم موجودگی میں ہوتیں۔

۸۔ بورڈ اپنے پہلے سے وضع شدہ قواعد کار کے مطابق کام کرتا رہے گا۔ تاہم اس قرارداد میں جن امور کا ذکر کیا گیا ہے ان سے اختلاف کی صورت میں سابقہ قواعد کار میں مناسب تبدیلیاں کی جائیں گی۔

۹۔ (ا) بورڈ کے فنڈ حکومت سے وصول ہونے والے زرِ امداد، بورڈ کی مطبوعات کی فروخت سے حاصل ہونے والی آمدنی اور دیگر عطیات پر مشتمل ہوں گے۔ ان مالی وسائل کو اسی طرح استعمال کیا جائے گا جس طرح اس نظرثانی شدہ قرارداد کی عدم موجودگی میں کیا جاتا اور وقتاً فوقتاً حکومت کی طرف سے مقرر کردہ طریق کار کے مطابق حسابات رکھے جائیں گے۔

(ب) حسابات کا محاسبہ محاسب اعلیٰ پاکستان کی طرف سے کیا جائے گا۔ جب تک یہ محاسبہ نہ ہو حسابات کا محاسبہ تجارتی طور پر کرایا جائے گا۔

۱۰۔ اردو سائنس بورڈ کے ملازمین تعزیرات پاکستان کی دفعہ ۲۱ کے مطابق سرکاری ملازم تصور کیے جائیں گے۔

۱۱۔ یہ قرارداد فوری طور پر نافذالعمل ہوگی۔

نائب معتمد

جریدہ پاکستان حصہ چہارم میں اشاعت کے لیے

حکومت پاکستان

وزارت تعلیم

قرارداد

نمبر ______ اس وزارت کی قرارداد نمبر ______

مورخہ ۱۴ جون ۱۹۵۹ء اور بعدازاں وقتاً فوقتاً جاری ہونے والی قراردادوں میں حسب ذیل ترمیم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

(ا) ترقی اردو بورڈ کا نام تبدیل کر کے اردو لغت بورڈ رکھ دیا گیا ہے۔

(ب) اردو لغت بورڈ جسے بعد ازیں "بورڈ" کہا گیا ہے کے فرائض حسب ذیل ہوں گے:۔

(ا) عظیم تر آکسفورڈ لغت کے معیار کو پیش نظر رکھتے ہوئے لسانیاتی اصولوں کے مطابق ایک جامع اردو لغت کا تدوین۔ موجودہ کام انہی خطوط پر جاری رہے گا جو اس مقصد کے لیے متعین کیے گئے تھے سوائے اس کے کہ بورڈ کی طرف سے حکومت کے مشورے سے کوئی دوسرا فیصلہ کیا جائے۔

(اا) بورڈ عظیم تر اردو لغت کا ایک مختصر ایڈیشن تیار کر کے شائع کرے گا اس کے علاوہ ایسی علمی لغات شائع کرے گا جو اس کے اصلی مقاصد سے متعلق ہوں گی

(ااا) بورڈ دوسرے ایسے فرائض سرانجام دے گا جو وقتاً فوقتاً اس کے سپرد کیے جائیں گے۔

۲۔ بورڈ کا ایک صدر ہوگا جس کا تقرر وزیر تعلیم وقتاً فوقتاً طے کردہ شرائط کے مطابق کریں گے۔ صدر بورڈ کا انتظامی سربراہ ہوگا اور صدر نشین کی غیر حاضری میں بحیثیت حاکم کے اجلاسوں کی صدارت کرے گا۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

۳۔ بورڈ کا ایک مدیر اعلیٰ ہو گا جس کا تقرر وزیر تعلیم وقتاً فوقتاً مقرر کردہ شرائط کے تحت کریں گے۔ مدیر اعلیٰ لغت وغیرہ سے متعلق تمام علمی و طباعتی معاملات کا ذمے دار ہو گا۔

۴۔ انتظامی فرائض انجام دینے اور مالی معاملات کی نگرانی کے لیے ایک کل وقتی معتمد (سیکرٹری) ہو گا۔ بورڈ کی طرف سے دوسرے غیر علمی معاملات بھی اسے سونپے جا سکتے ہیں۔ اس کا تقرر مقررہ طریق کار کے مطابق ہیئت حاکمہ کرے گی۔ معتمد (سیکرٹری) کا تقرر ہونے تک صدر اس کے فرائض کی انجام دہی کے لیے محض عارضی بنیادوں پر متبادل انتظامات کرے گا۔

۵۔ ہیئت حاکمہ (i) بورڈ کے معاملات کی نگرانی ایک ہیئت کرے گی جس کی تشکیل حسب ذیل ہوگی:۔

۱۔	وزیر تعلیم حکومت پاکستان	صدر نشین
۲۔	صدر اردو لغت بورڈ	نائب صدر نشین
۳۔	وزارت تعلیم کا ایک نمائندہ	رکن
۴۔	مقتدرہ قومی زبان کا ایک نمائندہ	رکن
۵۔	اردو میں فروغ سائنس کے بورڈ کا ڈائریکٹر	رکن
۶۔	حکومت کی طرف سے نامزد کردہ ایک عالم	رکن
۷۔	مدیر اعلیٰ اردو لغت بورڈ	رکن
۸۔	معتمد اردو لغت بورڈ	معتمد

(ii) اراکین بربنائے عہدہ کے علاوہ ہر رکن اپنے عہدہ پر تین سال کے لیے فائز رہے گا۔ اگر کوئی نامزد رکن ہیئت حاکمہ کا رکن نہ رہے تو اس کے خالی ہونے والے عہدۂ رکنیت کو تین سال میں سے بقایا مدت کے لیے کسی دوسرے شخص کی نامزدگی

سے پر کیا جائے گا۔

(iii) نامزد رکن اپنی رکنیت کی مدت ختم ہونے کے بعد دوبارہ نامزدگی کا اہل ہو گا۔

۶۔ بورڈ کی ایک انتظامیہ کمیٹی ہو گی جس کا سربراہ بورڈ کا صدر ہو گا۔ انتظامیہ کمیٹی کی ترکیب، فرائض اور دیگر شرائط وہی ہوں گی جو اس قرارداد کی عدم موجودگی میں پہلے ہی تھیں۔ تاہم کمیٹی میں وزارت تعلیم کا ایک نمائندہ بطور رکن شامل ہو گا۔ بورڈ کا معتمد اس کمیٹی کے معتمد کی حیثیت سے کام کرے گا۔

۷۔ بورڈ کی ملازمت میں موجودہ افسران اور عملہ خواہ باقاعدہ ہوں یا معاہدہ پر ہوں یا اعزازی طور پر کام کر رہے ہوں اپنی متعلقہ حیثیت میں انہی شرائط ملازمت پر اور انہی قواعد و ضوابط کے تحت کام کرتے رہیں گے جو نظر ثانی شدہ قرارداد کی عدم موجودگی میں ہوتے ہیں۔

۸۔ بورڈ پہلے سے وضع شدہ قواعد کار کے مطابق کام کرتا رہے گا۔ البتہ اس قرارداد میں اعلان شدہ معاملات سے اختلاف کی صورت میں مناسب ترامیم کی جائیں گی۔

۹۔ (i) بورڈ کے مالی وسائل حکومت کی طرف سے موصول ہونے والے امدادی عطیات کے علاوہ بورڈ کی مطبوعات کی فروخت سے وصول ہونے والی آمدنی اور عطیات کی صورت میں وصول ہونے والی دیگر رقوم پر مشتمل ہوں گے۔ مالی وسائل کا انتظام اسی طرح ہوتا رہے گا جیسا کہ اس ترمیم شدہ قرارداد کی عدم موجودگی میں ہوتا اور ان کو حکومت کی طرف سے وقتاً فوقتاً مقرر کردہ طریقے کے مطابق رکھا جائے گا۔

(ii) مالی وسائل کا محاسبہ محاسب اعلیٰ پاکستان کی طرف سے ہو گا اور ایسا ہونے تک بورڈ اپنے حسابات کا محاسبہ تجارتی طور پر کروائے گا۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

بورڈ کے ملازمین تعزیرات پاکستان کی دفعہ ۲۱ کی رو سے سرکاری ملازم شمار ہوں گے۔

یہ قرارداد فوری طور پر نافذ العمل ہوگی۔

نائب مشیر تعلیم

ناشر جریدہ پاکستان
پاکستان چھاپہ خانہ کارپوریشن
کراچی

حکومت پاکستان
کابینہ سیکرٹریٹ
(کابینہ ڈویژن)

راولپنڈی ۱۰ مارچ ۱۹۸۴ء

قرارداد

نمبر ______ ہرگاہ کہ سال ۱۹۷۶ء میں اسلامی وزرائے خارجہ کی چھٹی کانفرنس منعقدہ بمقام جدہ کے اس فیصلے کی تعمیل میں کہ پندرھویں صدی ہجری کے آغاز کو شایان شان طریقے سے منایا جائے۔ چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر کے مشیران کی کونسل نے اپنے اجلاس منعقدہ ۳۰ اپریل ۱۹۷۸ء میں طے کیا کہ ایک قومی مجلس تشکیل دی جائے تاکہ پندرھویں صدی ہجری کی آمد منانے کے لیے موزوں لائحہ عمل ترتیب دیا جاسکے۔

اور ہرگاہ کہ انصاف ڈویژن کے اعلامیہ نمبر ______ مورخہ ۲۱ نومبر ۱۹۷۸ء کی قرارداد کے ذریعے ایک قومی ہجرہ صدی کمیٹی تشکیل دی گئی۔

اور ہرگاہ کہ ہجرہ پروگرام ابتدائی تقریبات سے گزر کر عمل درآمد کے دوسرے مرحلے میں داخل ہو چکا ہے، جس کے تحت مختلف کانفرنسوں، سیمیناروں اور مذاکروں میں کی جانے والی مختلف اہم سفارشات کو ابھی عملی جامہ پہنانا باقی ہے۔

اور ہرگاہ یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ ہجرہ پروگرام سے متعلق کام کو جاری رکھنے کے لیے ضروری اقدامات کرنے کی غرض سے ایک خودمختار ادارہ قائم کیا جائے لہذا اب بذریعہ ہذا بطور ذیل قرارداد دیا جاتا ہے۔

I نام - اس ادارے کا نام "قومی ہجرہ کونسل" ہوگا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

II دفتر۔ کونسل کا صدر دفتر اسلام آباد میں ہو گا۔

III تعریفات۔ بجز اس کے کہ متن یا سیاق میں بکچھ اس قرارداد کے برعکس موجود ہو۔

(ا) کونسل سے مراد ہے" قومی ہجرہ کونسل"

(ب) صدر نشین سے مراد ہے "کونسل کا صدر نشین"

(ج) "مشیر" سے مراد ہے کونسل کا مشیر

(د) "معتمد" سے مراد ہے کونسل کا معتمد

(ہ) "مجلس منتظمہ" سے مراد ہے کونسل کی مجلس منتظمہ

IV فرائض : کونسل کے فرائض مندرجہ ذیل ہوں گے

۱۔ پہلے سے زیر تکمیل ہجری پروگراموں پر عمل درآمد

۲۔ ہجری صدی کمیٹی کی طرف سے منعقدہ مختلف کانفرنسوں، سیمیناروں، مذاکروں کی قراردادوں اور سفارشات کو عملی جامہ پہنانا۔

۳۔ اسلام کے تاریخی کردار کے شعور کو اجاگر کرنا اور اسلام کے پیغام کو پھیلانے کے لیے وسائل و ذرائع پر غور کرنا۔

۴۔ دیگر ذمہ داریوں کو پورا کرنا جو صدر پاکستان کی طرف سے کونسل کو سونپی جائیں۔

V ہیئت ترکیبی : کونسل کے انتظامی امور کونسل کے اختیار میں ہوں گے جو مندرجہ ذیل افراد پر مشتمل ہوگی :۔

(الف) صدر نشین

جناب اے کے بروہی

(ب) ارکان

۱۔ جناب ________ مشیر برائے قومی ہجرہ کونسل۔ رکن بحیثیت عہدہ

۲ جناب جسٹس پیر کرم شاہ — رکن (اعزازی)

۳۔ جناب — مشیر برائے صدر رکن (اعزازی)

۴۔ صدر نشین جامعاتی عطیات کمیشن — رکن، بر بنائے عہدہ

۵۔ معتمد کابینہ یا اس کا نامزد — رکن، بر بنائے عہدہ

۶۔ معتمد وزارت مذہبی امور یا اس کا نامزد — رکن، بر بنائے عہدہ

۷۔ معتمد وزارت امور خارجہ یا اس کا نامزد — رکن، بر بنائے عہدہ

۸۔ وزارت خزانہ کا نمائندہ — رکن، بر بنائے عہدہ

۹۔ معتمد برائے قومی ہجرہ کونسل — رکن / معتمد، بر بنائے عہدہ

صدر پاکستان کسی دیگر شخص کو کونسل کا رکن نامزد کر سکتا ہے۔ کونسل میں کسی اسامی کے خالی ہونے یا اس کی تشکیل میں کسی نقص کی بنا پر اس کا کوئی فعل یا کارروائی ناجائز قرار نہیں پائے گی۔

VI صدر نشین اور مشیر کا تقرر، صدر نشین اور مشیر کا تقرر وفاقی حکومت کی مقرر کردہ معاوضے اور قیود و شرائط ملازمت کے مطابق صدر پاکستان کی طرف سے کیا جائے گا۔

VII صدر نشین کے اختیارات : کونسل کا صدر نشین اس کا منتظم اعلیٰ ہو گا اور اس کے نظم و نسق حکمت عملی اور سرگرمیوں کی نگرانی کرے گا۔

VIII کونسل کے اختیارات۔ کونسل کو ایسے تمام اقدامات کرنے اور ایسے تمام امور سرانجام دینے کا اختیار حاصل ہو گا جو اس کے فرائض کی انجام دہی کے لیے ضروری ہوں۔ خصوصاً :

(الف) وزارت خزانہ کی منظوری کے تابع کونسل کے تخمینہ جات کی منظوری دینا۔

(ب) کونسل کے مقاصد کو پورا کرنے کے لیے وفاقی حکومت کی منظوری سے ضوابط مرتب کرنا اور خصوصاً برائے :

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

(ز) کونسل کے افسران وعملہ کا تقرر ان کی تنخواہ کے سکیل اور دیگر قیود و شرائط ملازمت

(ح) کونسل کے اجلاسوں کا انعقاد

(ط) کونسل کی طرف سے مقرر کردہ مجالس (اگر کوئی ہوں) کی تشکیل و ترتیب اور ان کی کارروائی کے لیے ضوابط:

(ی) اخراجات کرنا، حسابات اور ریکارڈ رکھنا

(ک) کونسل کے ارکان کے سفری الاؤنس اور روزینہ کی منظوری اور

(ل) ایسے دیگر امور کے لیے وقتاً فوقتاً کونسل کا فیصلہ مطلوب ہو

IX مجلس منتظمہ۔ کونسل کی طرف سے ایک مجلس منتظمہ تشکیل دی جائے گی جسے جبکہ کونسل کا اجلاس نہ ہو رہا ہو، انتظامی اور مالی معاملات پر کونسل کی طرف سے فیصلے کرنے کے ضروری اختیارات حاصل ہوں گے لیکن شرط یہ ہے کہ یہ فیصلے کونسل کے سامنے آئندہ اجلاس میں توثیق کے لیے پیش کیے جائیں گے، مجلس منتظمہ مندرجہ ذیل افراد پر مشتمل ہوگی:

۱۔ صدر

۲۔ مشیر

۳۔ معتمد

۴۔ نمائندہ کابینہ ڈویژن

۵۔ نمائندہ وزارت خزانہ

۶۔ ایسے دیگر ارکان جنہیں صدر نشین نامزد کرے

X معتمد کے فرائض ۔ صدر نشین اور مشیر کی عمومی نگرانی کے تحت معتمد کونسل کے دفتر کی نگہداشت کرے گا۔ کونسل اور مجلس منتظمہ کے اجلاسوں کی کارروائی کا ریکارڈ رکھے گا اور کونسل کی سالانہ روداد میں تیار کرے گا وہ کونسل کے باضابطہ طور پر منظور شدہ مقرر کردہ طریقے کے مطابق مالی انضباط اور حسابات کو مناسب طور پر رکھنے اور پیش کرنے کا ذمہ دار بھی ہوگا۔

XI رکنیت کی مدت (۱) کونسل کے ارکان کی ماسوائے ارکان بحیثیت عہدہ کی میعاد رکنیت تین سال ہوگی اور وہ دوبارہ تقرر کے اہل ہوں گے۔

(۲) کسی رکن ماسوائے رکن بحیثیت عہدہ کے اسامی کے خالی ہونے پر خواہ مدت رکنیت ختم ہونے یا کسی اور وجہ سے ہو، صدر نشین، صدر کی منظوری سے ایسے رکن کا جانشین نامزد کرے گا۔

XII موجودہ سرکاری ملازمین کا کونسل میں تبادلہ (۱) اس قرارداد کے نفاذ کے ساتھ ہی قومی ہجرہ صدی کمیٹی کے تمام ملازمین کونسل کی ملازمت میں تبادلہ شدہ متصور ہوں گے اور یہ کہ انہوں نے اس قرارداد کے نفاذ کے تین ماہ کے اندر کونسل کی ملازمت میں تبادلہ نہ کیے جانے کے حق میں اپنا اختیار استعمال کیا ہو اور ایک مرتبہ کا استعمال کردہ اختیار حتمی ہوگا۔

تشریح: اس پیراگراف میں ملازمین میں وہ سرکاری ملازمین شامل نہیں جو متذکرہ بالا مجلس یا کونسل میں مستعار الخدمتی پر ہوں۔

(۲) جو ملازم پیرا (۱) کے تحت کونسل کی ملازمت میں اپنے تبادلہ نہ کیے جانے کے حق میں اپنے اختیارات کا استعمال کرے گا اسے وفاقی حکومت کی طرف سے کسی مناسب اسامی پر متعین کیا جا سکے گا۔

(۳) اگر کوئی ملازم اس تقرر کو جو اسے ذیلی پیرا (۲) کے تحت پیش کیا گیا ہو مقررہ مدت کے اندر قبول نہیں کرتا یا وفاقی حکومت کی طرف سے ذیلی پیرا مذکور کے تحت اس کے

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

لیے مناسب تعیناتی مہیا کرنا ممکن نہ ہو تو اس تاریخ کو جس پر وہ پیشکش قبول کرنے سے انکار کردے یا پیشکش کے لیے مقررکردہ مدت ختم ہوجائے جیسی بھی صورت ہو یا جس تاریخ کو وفاقی حکومت اسے اطلاع دے کہ اس کے لیے مناسب تعیناتی فراہم کرنا ممکن نہیں ہے۔ اس کی ملازمت ختم شدہ متصور ہوگی اور وہ وفاقی حکومت کی طرف سے تین ماہ کی تنخواہ کے مساوی زر تلافی کا مستحق ہوگا۔

XIII وضع قواعد کا اختیار ۔ (۱) وفاقی حکومت سرکاری جریدہ میں اعلان کے ذریعے اس قرارداد کے مقاصد کو بروئے کار لانے کے لیے قواعد وضع کرسکتی ہے۔

(۲) خاص طور پر اور پیش ازیں مذکورہ شرط کی عمومیت پر اثر انداز ہوئے بغیر ایسے قواعد مندرجہ ذیل کے لیے وضع کیے جاسکتے ہیں

(الف) صدر نشین کے فرائض اور اختیارات

(ب) کونسل کے کل وقتی ارکان کا تقرر اور ان کی قیود و شرائط ملازمت بشمول انضباطی امور اور

(ج) شرائط جن کے تحت کونسل دوسرے اداروں اور انفرادی تنظیموں (سرکاری نجی یا خود مختار) کے ساتھ اشتراک عمل کا معاہدہ کرسکتی ہو۔

XIV مالیات : کونسل کا سرمایہ سرکاری امداد اور عطیات (اگر کوئی ہوں) پر مشتمل ہوگا۔

XV حسابات : کونسل کا سرمایہ کونسل کی طرف سے منتخب کردہ بنک میں رکھا جائے گا، بنک میں کونسل کے کھاتہ کا انصرام صدر نشین کی طرف سے منظور شدہ کوئی دو افسر مشترکہ طور پر کریں گے۔

XVI محاسبہ : کونسل کے حسابات کا محاسبہ محاسب اعلیٰ پاکستان کی طرف سے کیا جائے گا۔

XVII سالانہ رپورٹیں : سیکرٹری کی طرف سے کونسل کی سرگرمیوں اور کارکردگیوں کی ایک سالانہ رپورٹ مع کیفیت نامہ حسابات تیار کی جائے گی اور کونسل کو پیش کی جائے گی۔

XIX انتظامی ڈویژن : کونسل کے امور سے متعلق تمام مقاصد کے لیے کابینہ ڈویژن انتظامی ڈویژن ہوگا۔ کونسل کی تمام مراسلات بنام وفاقی حکومت بشمول مراسلت بنام صدر مملکت عام طور پر اسی ڈویژن کی وساطت سے ہوگی۔ تاہم کونسل کے صدر نشین فوری امور کے خلاصہ جات براہ راست صدر مملکت کو پیش کرسکتے ہیں اور اس کی نقل کابینہ ڈویژن کو ارسال کرسکتے ہیں۔

XX یہ قرارداد انصاف ڈویژن کی قرارداد نمبر ۲ (۱۳)/ ۷۸ ایل ایم کو منسوخ کرتی ہے۔

حکم دیا گیا ہے کہ یہ قرارداد جریدہ پاکستان غیر معمولی میں شائع کی جائے:

بحکم صدر

معتمد

کابینہ سیکرٹریٹ

(کابینہ ڈویژن)

تصحیح

نمبر ______ اس ڈویژن کی قرارداد مؤرخہ ۱۰ مارچ ۱۹۸۴ء جریدہ پاکستان غیر معمولی مؤرخہ ۱۷ مارچ ۱۹۸۴ء کے صفحہ ۶۱ - ۶۴ پر شائع ہوئی۔ صفحہ ۶۲ پر کونسل کی تشکیل کے سلسلے میں جناب جسٹس پیر کرم شاہ کے بجائے جناب جسٹس پیر محمد کرم شاہ" پڑھا جائے۔

شریک معتمد

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

جریدہ پاکستان کے آئندہ شمارہ میں اشاعت کے لیے

حکومت پاکستان

وزارتِ تعلیم

اسلام آباد، مورخہ ۹ جنوری ۱۹۷۶ء

قرارداد

موضوع: وزارت تعلیم کے تحت خود مختار ادارہ کے طور پر قائد اعظم اکادمی کا قیام

نمبر______ قائد اعظم محمد علی جناح کی صد سالہ سالگرہ کی تقریبات کے سلسلے میں قائم کردہ قومی کمیٹی اور انتظامی کمیٹی کے فیصلے کے نتیجے میں وفاقی حکومت نے براہ راست وزارت تعلیم کی نگرانی میں ایک خود مختار ادارے کی حیثیت سے قائد اعظم اکادمی کے قیام کا فیصلہ کیا ہے۔

اکادمی ایسے منصوبوں پر کام کرے گی جو قائد اعظم کی زندگی، کاوشوں اور کارناموں کے مختلف پہلوؤں اور تاریخ پاکستان کے ثقافتی، معاشرتی اور سیاسی پہلوؤں کے مطالعے اور تحقیق کے فروغ کے لیے وقف ہوں گے۔ اکادمی ایسے منصوبوں اور فرائض کی انجام دہی کے لیے بھی کام کرے گی جو اس کے بورڈ آف گورنرز (ہیئت حاکمہ)، صدر نشین یا اس کی انتظامی کمیٹی کی طرف سے منظور ہوں گے۔

۲۔ اکادمی کی ہیئت حاکمہ ہوگی جو حسب ذیل افراد پر مشتمل ہوگی۔

۱۔	وفاقی وزیر تعلیم	صدر نشین
۲۔	وفاقی وزیر برائے مذہبی امور	رکن
۳۔	جناب ______	رکن
۴۔	وزیر تعلیم سندھ	رکن
۵۔	جناب ______	رکن
۶۔	جناب ______	رکن

۷۔	جناب ______	رکن
۸۔	جناب ______	رکن
۹۔	جناب ______	رکن
۱۰۔	جناب ______	رکن
۱۱۔	جناب ______	رکن
۱۲۔	سندھ مدرسہ سے ایک نمائندہ	رکن
۱۳۔	حکومت پنجاب سے ایک نمائندہ	رکن
۱۴۔	حکومت سندھ سے ایک نمائندہ	رکن
۱۵۔	حکومت سرحد سے ایک نمائندہ	رکن
۱۶۔	حکومت بلوچستان سے ایک نمائندہ	رکن
۱۷۔	______	کنوینر

۳۔ اکادمی کا ایک ہمہ وقتی یا تنخواہ دار ناظم ہوگا جس کے ساتھ ضروری عملہ اور دفتری سامان ہوگا۔ یہ دفتر کراچی میں ہوگا۔ ہیئت حاکمہ یا صدر نشین اس کی انتظامیہ کمیٹی نامزد کرے گا۔

وزیر اعظم پاکستان نے اکادمی کا صدر بننے پر رضامندی ظاہر کی ہے۔

نائب معتمد

ناشر۔ جریدۂ پاکستان
پاکستان چھاپہ خانہ کارپوریشن
کراچی

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں: www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

حکومت پاکستان
وزارت تعلیم

اسلام آباد، مورخہ ______

موضوع: خواندگی و تعلیم عامہ کمیشن کا قیام

چونکہ اسلام حصول علم کو انتہائی اہمیت دیتا ہے اور ہر مسلمان پر طلب علم لازمی قرار دیتا ہے۔

اور ہرگاہ کہ پاکستان میں خواندگی کا تناسب اس قدر کم ہے کہ پاکستان کے عوام کو تعلیم سے حاصل ہونے والے فوائد خارج از امکان ہیں۔

اور ہرگاہ کہ پندرھویں صدی ہجری کے آغاز کی تقاریب کے پروگرام میں خواندگی کی مہم قومی جدوجہد کے ایجنڈا میں انتہائی اولیت کی حامل ہے اور ہرگاہ کہ پاکستان میں خواندگی کے فروغ کے مقاصد کے لیے کافی اختیارات کے ساتھ خواندگی و تعلیم عامہ کمیشن کا قیام ضروری ہے۔

لہذا کابینہ کے فیصلے بذریعہ معاملہ نمبر ۳۴/۲۲/۸۰ کی تعمیل میں قرار دیا جاتا ہے کہ ایک خواندگی و تعلیم عامہ کمیشن قائم کیا جائے جس کا صدر دفتر اسلام آباد میں ہو۔

۱۔ تعریفات: اس قرارداد میں سوائے اس کے کہ موضوع یا متن میں اس کے برعکس مفہوم پایا جائے:۔

(الف) "صدر نشین" سے مراد کمیشن کے صدر نشین ہوں گے۔

(ب) "کمیشن" سے مراد خواندگی و تعلیم عامہ کمیشن ہو گا۔

(ج) "رکن" سے مراد کمیشن کا رکن ہو گا۔

(د) "قاعدہ" سے مراد پیراگراف ۱۲ کے تحت وضع کردہ قاعدہ ہو گا۔

۲۔ کمیشن کے اجزائے ترکیبی۔ (۱) کمیشن حسب ذیل اراکین پر مشتمل ہو گا:

(الف) صدر نشین

(ب) ایک ہمہ وقتی رکن

(ج) صدر نشین جامعاتی عطیات کمیشن

(د) صدر نشین وائس چانسلر کمیٹی جو جامعاتی عطیات کمیشن ایکٹ ۱۹۷۴ء کی دفعہ ۱۳ کی ذیلی دفعہ (۱) کے تحت قائم کی گئی

(ہ) وائس چانسلر علامہ اقبال فاصلاتی یونیورسٹی

(و) معتمد وزارت تعلیم حکومت پاکستان

(ز) معتمد وزارت لوکل گورنمنٹ و دیہی ترقی حکومت پاکستان

(ح) معتمد وزارت اطلاعات و نشریات حکومت پاکستان

(ط) معتمد وزارت صحت و سماجی بہبود حکومت پاکستان

(ی) معتمد خواتین ڈویژن حکومت پاکستان

(ک) معتمد وزارت محنت، افرادی قوت و سمندر پار پاکستانی حکومت پاکستان

(ل) معتمد وزارت خوراک، زراعت و امداد باہمی حکومت پاکستان

(م) معتمد وزارت خزانہ حکومت پاکستان

(ن) معتمد وزارت منصوبہ بندی و ترقی حکومت پاکستان

(ع) وفاقی حکومت کی طرف سے نامزد کردہ دو علماء

(ف) صدر نشین خواندگی و تعلیم عامہ کونسل پنجاب

(ص) صدر نشین خواندگی و تعلیم عامہ کونسل سندھ

(ق) صدر نشین خواندگی و تعلیم عامہ کونسل صوبہ سرحد

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

(ر) صدر نشین خواندگی و تعلیم عامہ کونسل بلوچستان

(ش) خواندگی اور تعلیم عامہ میں مصروف غیر سرکاری تنظیموں کی طرف سے چار مرد اور چار خواتین اراکین

(۲) صدر نشین اور اراکین (ماسوائے اراکین بر بنائے عہدہ) وفاقی حکومت کی طرف سے ممتاز ماہرین تعلیم، اساتذہ اور خواندگی اور تعلیم عامہ کے میدان میں کام کرنے والے افراد میں سے مقرر کیے جائیں گے۔

(۳) صدر نشین اور اراکین (ماسوائے اراکین بر بنائے عہدہ) تین سال تک اپنے اس عہدے پر رہیں گے اور دوبارہ تقرری کے اہل ہوں گے۔ تاہم وفاقی حکومت کسی وقت بھی صدر نشین یا رکن کو سماعت کا موقع دے کر اسے اس کے عہدے سے ہٹا سکتی ہے۔

(۴) کمیشن کا کوئی فعل یا کارروائی محض اس بنا پر کالعدم قرار نہیں پائے گی کہ کوئی عہدہ خالی ہے یا کمیشن کی تشکیل میں کوئی نقص ہے۔

(۳) کمیشن کے فرائض: کمیشن کے فرائض یہ ہوں گے:

(i) ملک میں خواندگی کی موجودہ حالت کو جانچنے اور مختلف علاقوں میں عمرانی معاشیاتی طلب کا اندازہ لگانے کے لیے جائزوں کا اہتمام کرنا۔

(ii) ناخواندگی کو ختم کرنے اور خواندگی کے فروغ کے مقاصد کے لیے رسمی و غیر رسمی طور پر عوام تک رسائی کے طریقے تجویز و اختیار کرنا۔

(iii) ہدف آبادی کی ضرورت کے تناسب سے خواندگی اور غیر رسمی تعلیم عامہ کے منصوبے تیار کرنا اور وفاقی حکومت کو اس سلسلے میں سفارشات پیش کرنا۔

(iv) خواندگی کے پروگراموں کے سلسلے میں ملکی ہنرمندی، پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور اصلاحی تعلیم کے اجزائے ترکیبی کو متحد و یکجا کرنے کے لیے اقدامات تجویز کرنا

(v) خواندگی اور غیر رسمی تعلیم عامہ کے مؤثر ہونے کا جائزہ لینا، ان میں اصلاحات تجویز کرنا اور خواندگی کے طلبا کے لیے تعلیمی مواد کا انتظام کرنا۔

(vi) ناخواندگی کو ختم کرنے اور تعلیم عامہ کے فروغ کے مقاصد کے لیے باقاعدہ مہم کا آغاز کرنا اور اسے منظم کرنا

(vii) ذرائع کے استعمال اور پروگرام کی ترقی کے لیے قومی اور بین الاقوامی اداروں کے ساتھ اشتراک عمل کرنا

(viii) وفاقی حکومت یا کسی صوبائی حکومت کی طرف سے وقتاً فوقتاً ارسال کردہ معاملے میں مشورہ دینا۔

۴۔ صدر نشین کے اختیارات اور فرائض: (۱) صدر نشین کمیشن کا اعلیٰ ترین انتظامی افسر ہوگا اور وہ اس امر کو یقینی بنائے گا کہ قرارداد کی دفعات اور ان کے تحت وضع کردہ قواعد کی دیانتداری کے ساتھ پابندی ہوتی رہے اور وہ اس مقصد کے لیے ضروری اختیارات کو استعمال کرنے کا مجاز ہوگا۔

(۲) صدر نشین:

(الف) اس قرارداد کی دفعات کے تحت کمیشن کے کسی ملازم کا تقرر کر سکتا ہے۔ اسے سزا دے سکتا ہے یا ملازمت سے نکال سکتا ہے۔

(ب) زیادہ سے زیادہ چھ ماہ کے عرصے کے لیے کسی اسامی کو وضع کر سکتا ہے اور اسے پر کر سکتا ہے۔

(ج) دیگر مقررہ اختیارات استعمال کر سکتا ہے اور فرائض انجام دے سکتا ہے۔

(۳) صدر نشین مقررہ شرائط کے مطابق اگر کوئی ہوں، اپنے اختیارات کسی ایسے افسر یا کمیشن کے ملازم کو تفویض کر سکتا ہے جسے وہ مناسب خیال کرے۔

[illegible] کمیشن کا ہمہ وقتی افسر ہوگا اور اس کا تقرر صدر نشین کی سفارش

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

پر کمیشن کی طرف سے مقررہ شرائط کے مطابق کیا جاتے گا۔

(۲) معتمد کمیشن کے ریکارڈ کا محافظ ہوگا اور صدر نشین کی عمومی ہدایات اور نگرانی کے تحت انتظامیہ کے رابطہ کار کے طور پر کام کرے گا اس کے علاوہ صدر نشین کی طرف سے تفویض کردہ دیگر فرائض بھی سرانجام دے گا۔

۶۔ تنخواہ اور الاؤنس: صدر نشین اور ہمہ وقتی رکن اس تنخواہ اور الاؤنسوں کے مستحق ہوں گے جو وفاقی حکومت مقرر کرے گی۔

۷۔ استعفیٰ اور خالی اسامیوں کا پر کرنا: (۱) صدر نشین یا کوئی اور رکن ماسوائے اراکین بر بنائے عہدہ کے تحریری طور پر وفاقی حکومت کے نام استعفیٰ ارسال کر کے اپنے عہدہ سے مستعفی ہو سکتا ہے۔

(۲) کمیشن کی رکنیت میں وفات، استعفیٰ یا علیحدگی کی بنا پر خالی ہونے والی کوئی اسامی اس قرارداد کی دفعات کے مطابق کسی دوسرے شخص کی تقرری سے پر کی جائے گی۔

۸۔ کمیشن کے اجلاس: کمیشن کے اجلاس ایسے مقامات، ایسی تاریخوں یا ایسے اوقات پر منعقد ہوں گے جسے صدر نشین طے کرے گا۔

۹: افسران و ملازمین وغیرہ کا تقرر: اپنے فرائض منصبی کی بہترین طریقے سے انجام دہی کے لیے کمیشن اپنے ملازمین کا تقرر کر سکتا ہے اور وفاقی حکومت کی منظوری سے مقررہ شرائط پر مشیروں اور افسران کا تقرر کر سکتا ہے۔

۱۰۔ فنڈ وغیرہ: (۱) کمیشن کا ایک فنڈ ہوگا جس میں وفاقی حکومت یا صوبائی حکومتوں یا کسی شخص یا ادارے کی طرف سے دیے گئے عطیات اور چندے جمع ہوں گے اور اس سے اس قرارداد کے تحت ہونے والے اخراجات پورے کیے جائیں گے۔

(۲) کمیشن کے حسابات وفاقی حکومت کے مقرر کردہ طریقے اور صورت کے مطابق رکھے جائیں گے اور محاسب اعلیٰ پاکستان کا مقرر کردہ محاسب ان کا محاسبہ کرے گا۔

(۳) کمیشن ہر سال کے آخر میں وفاقی حکومت کو سال کے دوران اپنی سرگرمیوں کے بارے میں رپورٹ پیش کرے گا۔

۱۱۔ کمیشن کی مدد: تمام وفاقی وزارتیں اور صوبائی حکومتیں، مقامی ادارے اور خواندگی کے فروغ اور تعلیم عامہ میں مصروف سرکاری ادارے اور تنظیمیں کمیشن کو اس کے فرائض کی انجام دہی کے سلسلے میں اپنا مکمل تعاون اور مدد فراہم کریں گی۔

۱۲۔ قواعد وضع کرنے کا اختیار: (۱) کمیشن اس قرارداد کے مقاصد کے حصول کے لیے وفاقی حکومت کی منظوری کے ساتھ سرکاری جریدے میں اعلان کے ذریعے وضع کر سکتا ہے۔

(۲) خاص طور پر اور قبل ازیں مذکورہ اختیار کی عمومیت کو متاثر کیے بغیر ایسے قواعد اراکین، ملازمین، اساتذہ، طلبا اور دیگر اشخاص کی طرف سے کمیشن کے تفویض کردہ فرائض کی انجام دہی کے لیے کیے گئے سفروں کے لیے سفری الاؤنس اور روزانہ الاؤنس کی ادائیگی کے لیے ہوں گے

۱۳۔ قرار پایا ہے کہ یہ قرارداد سرکاری جریدے میں شائع کی جائے۔

معتمد

نمبر ____

اسلام آباد ____

جریدہ پاکستان حصہ سوم میں اشاعت کے لیے

نائب مشیر تعلیمات

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

حکومت پاکستان

کابینہ ڈویژن

اسلام آباد، مورخہ ۴ اکتوبر ۱۹۷۹ء

قرارداد

نمبر ۲۷۵ / سی ایف / ۷۹، ہر گاہ کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کی دفعہ ۲۵۱ (۱) میں یہ تصریح موجود ہے کہ پاکستان کی قومی زبان اردو ہے اور اسی دستور کے آغاز سے ۱۵ سال کے اندر اسے سرکاری اور دیگر مقاصد کے لیے استعمال کرنے کے انتظامات کیے جائیں گے ہر گاہ کہ مندرجہ بالا مقاصد کے سلسلے میں یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ پاکستان کی قومی زبان کی حیثیت سے اردو کے فروغ کے لیے مناسب انتظامات کرنے کی غرض سے مقتدرہ قومی زبان کو ایک خود مختار ادارے کی حیثیت سے فوری طور پر قائم کیا جائے۔

لہذا اب مندرجہ ذیل بذریعہ ہذا قرار پایا

۱۔ نام: اس مقتدرہ کا نام مقتدرہ قومی زبان ہوگا۔

۲۔ دفتر: مقتدرہ کا صدر دفتر کراچی میں ہوگا۔

۳۔ فرائض: مقتدرہ کے فرائض حسب ذیل ہوں گے:۔

۱۔ پاکستان کی قومی زبان کی حیثیت سے اردو کو فروغ دینے کے لیے ذرائع اور وسائل پر غور کرنا اور اس سلسلے میں تمام ضروری انتظامات کرنا اور قومی زبان کے استعمال کو جلد از جلد عمل میں لانے کے لیے صدر مملکت کی خدمت میں سفارشات پیش کرنا۔

۲۔ سرکاری، نیم سرکاری دفاتر، عدالتی اور دوسرے اداروں میں کام کرنے والے عملے دوران ملازمت تربیت کی غرض سے لغات اور دوسرے مواد مطالعہ کی تر ... تدوین

کے لیے انتظامات کر کے اردو کو پورے ملک میں دفتری زبان کی حیثیت سے رائج کرنے کے عمل کو سہل بنانا۔

۳۔ تمام اردو ترقیاتی مجالس کے کام میں ربط پیدا کرنا۔

۴۔ وفاقی اور صوبائی سرکاری ملازمتوں کے کمیشنوں کے تعاون سے اردو کو مقابلے کے امتحانات کی زبان کے طور پر اختیار کرنے میں آسانیاں پیدا کرنا۔

۵۔ ایسی دیگر تمام ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہونا جو صدر مملکت قومی زبان کے فروغ سے متعلق مقتدرہ کے سپرد کریں۔

۴۔ مقتدرہ کی ہیئت ترکیبی: مقتدرہ کا نظم و نسق خود مقتدرہ قومی زبان کے اختیار میں ہوگا (جسے بعد ازیں مقتدرہ کہا گیا ہے) مقتدرہ کی ہیئت ترکیبی حسب ذیل ہوگی۔

(۱) ڈاکٹر ________ صدر نشین

(۲) ________ رکن

(۳) ________ رکن

(۴) ________ رکن

(۵) ________ رکن

(۶) ________ رکن

(۷) ________ رکن

(۸) ________ رکن

(۹) ________ رکن

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

(۱۰) ———————— رکن

(۱۱) ———————— رکن

(۱۲) صدر نشین جامعاتی عطیات کمیشن یا ان کا نامزد نمائندہ — رکن بر بنائے عہدہ

(۱۳) صدر نشین وفاقی کمیشن برائے سرکاری ملازمت یا ان کا نامزد نمائندہ — رکن بر بنائے عہدہ

(۱۴) معتمد وزارت اطلاعات و نشریات یا ان کا نامزد کردہ نمائندہ — رکن بر بنائے عہدہ

(۱۵) معتمد وزارت تعلیم یا ان کا نامزد کردہ نمائندہ — رکن بر بنائے عہدہ

(۱۶) ناظم اعلیٰ قومی کتاب کونسل کراچی — رکن بر بنائے عہدہ

(۱۷) کابینہ ڈویژن کا نمائندہ — رکن بر بنائے عہدہ

(۱۸) وزارت مالیات کا نمائندہ — رکن بر بنائے عہدہ

(۱۹) معتمد مقتدرہ — رکن معتمد

صدر مملکت کسی دیگر شخص یا اشخاص کو مقتدرہ کے رکن کی حیثیت سے نامزد کر سکتے ہیں تاہم مقتدرہ زیادہ سے زیادہ ۱۹ ارکان پر مشتمل ہوگی

مقتدرہ کا کوئی عمل یا کارروائی محض اس بناء پر کالعدم قرار نہیں پائے گی کہ اس کی کوئی اسامی خالی ہے یا اس کی تشکیل میں کوئی نقص رہ گیا ہے۔

۵ - __صدر نشین، معتمد اور خازن کا تقرر:__ (ا) صدر نشین کا تقرر صدر مملکت ایسے معاوضہ اور ملازمت کی دیگر شرائط و ضوابط پر کریں گے جن کا تعین وفاقی حکومت کرے گی۔

(ii) معتمد اور خزانہ دار کا تقرر مقتدرہ کی سفارش پر صدر مملکت کریں گے اور ان کا معاوضہ اور ملازمت کی دیگر شرائط و ضوابط وفاقی حکومت کی پیشگی منظوری سے مقتدرہ کے وضع کردہ قواعد کے تحت ہوں گے۔

۶ - __مقتدرہ کے اختیارات:__ مقتدرہ کو ایسے تمام اقدامات کرنے کے اختیارات حاصل ہوں گے جو مقتدرہ کے مقاصد کی تکمیل کے لیے ضروری ہوں اور بالخصوص:

(الف) وزارت مالیات کی رضامندی قبولیت سے مقتدرہ قومی زبان کے میزانیہ کے تخمینے منظور کرنا۔

(ب) تمام صوبائی حکومتوں، دیگر محکموں اور تنظیموں کا تعاون حاصل کرنے کی غرض سے کمیٹیاں قائم کرنا۔

(ج) وفاقی حکومت کی منظوری سے مقتدرہ کے مقاصد کی تکمیل اور بالخصوص مندرجہ ذیل امور کے لیے ضوابط وضع کرنا:

(i) مقتدرہ کے افسران اور عملے کا تقرر، ان کی تنخواہوں کے گریڈ اور ملازمت کی دیگر شرائط و ضوابط

(ii) مقتدرہ کی کارروائیوں کا انصرام

(iii) اگر مقتدرہ کوئی کمیٹیاں قائم کرے تو ان کی تشکیل و ترتیب اور ان کی کارروائیوں کا انضباط

(iv) اخراجات کرنا، حسابات اور ریکارڈ رکھنا

(v) مقتدرہ کے اراکین کے لیے سفری الاؤنس اور روزانہ الاؤنس کا تعین

(vi) ایسے دیگر معاملات جن میں مقتدرہ کے فیصلے کی وقتاً فوقتاً ضرورت ہو

۷ - مجلس منتظمہ: (الف) مقتدرہ کی ایک مجلس منتظمہ ہوگی جس کو انتظامی اور مالی معاملات میں مقتدرہ کی طرف سے فوری فیصلے کرنے کے ضروری اختیارات اس وقت حاصل ہوں گے جب کہ مقتدرہ کا اجلاس منعقد نہ ہو رہا ہو بشرطیکہ ان فیصلوں کو مقتدرہ کے اگلے اجلاس میں لازماً توثیق کے لیے پیش کیا جائے۔

(ب) مجلس منتظمہ حسب ذیل افراد پر مشتمل ہوگی۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

(۱) صدر نشین (۲) خزانہ دار (۳) معتمد (۴) کابینہ ڈویژن کا نمائندہ (۵) وزارت مالیات کا نمائندہ (۶) صدر نشین کے نامزد کردہ دیگر اراکین۔

۸۔ صدر نشین کے اختیارات : مقتدرہ کا صدر نشین اس کا اعلیٰ انتظامی افسر ہوگا اور مقتدرہ کے نظم و نسق، حکمت عملی اور سرگرمیوں کی نگرانی کرے گا۔

۹۔ معتمد کے فرائض : معتمد، صدر نشین کی عمومی نگرانی کے تحت مقتدرہ کے دفتر کی دیکھ بھال کرے گا، مقتدرہ اور مجلس منتظمہ کے اجلاسوں کی کارروائی کا ریکارڈ مقتدرہ اور مجلس منتظمہ کے فیصلوں پر عملدرآمد کرائے گا۔

۱۰۔ خزانہ دار کے فرائض : خزانہ دار صدر نشین کی عمومی نگرانی کے تحت کام کرے گا اور مالیاتی انضباط اور مقتدرہ کے باقاعدہ منظور کردہ ضوابط کے مطابق اور محاسب اعلیٰ پاکستان کی تعین کردہ شکل میں حسابات رکھنے اور انہیں پیش کرنے کا ذمے دار ہوگا۔

۱۱۔ رکنیت کی میعاد : مقتدرہ کے اراکین (ماسوائے اراکین بربنائے عہدہ) تین سال تک اپنے عہدوں پر فائز رہیں گے۔

۱۲۔ مالیات : مقتدرہ کا سرمایہ سرکاری گرانٹوں اور غیر سرکاری ذرائع سے وصول شدہ عطیات پر مشتمل ہوگا۔

۱۳۔ حسابات : مقتدرہ کا سرمایہ کسی ایک بنک میں رکھا جائے گا جسے مقتدرہ منتخب کرے گا۔ مقتدرہ کے کھاتے میں رقم نکلوانے کے لیے مندرجہ ذیل میں سے کوئی دو افسران مشترکہ طور پر دستخط کریں گے، مقتدرہ کے صدر نشین معتمد اور خزانہ دار

۱۴۔ محاسبہ : مقتدرہ کے حسابات کا محاسبہ محاسب اعلیٰ پاکستان کا عملہ کرے گا۔

۱۵۔ سالانہ روداد : صدر نشین مقتدرہ کی سرگرمیوں اور کارروائی کے متعلق ایک سالانہ روداد مرتب کرے گا جس کے ساتھ کیفیت نامہ حسابات بھی شامل ہوگا اور اسے مالی سال کے خاتمے کے بعد تین ماہ کے اندر مقتدرہ اور صدر مملکت کو پیش کیا جائے گا۔

۱۶۔ واجب التعمیل احکامات : صدر مملکت مقتدرہ کے اغراض و مقاصد سے مطابقت رکھنے والے کاموں کے لیے ایسے عمومی یا خصوصی واجب التعمیل احکامات جاری کر سکتے ہیں جن کا تعلق مخصوص خدمات انجام دینے یا مقتدرہ کے وظائف و فرائض میں توسیع یا تحدید کرنے سے ہو۔

۱۷۔ انتظامی ڈویژن : مقتدرہ کے معاملات سے تعلق رکھنے والے تمام مقاصد کے لیے کابینہ ڈویژن اس کا انتظامی ڈویژن ہوگا اور وفاقی حکومت کو مقتدرہ کے تمام حوالے بشمول مراسلات بخدمت صدر مملکت اسی ڈویژن کی وساطت سے ارسال کیے جائیں گے۔

۱۸۔ یہ بھی قرار پایا کہ اس قرارداد کو سرکاری جریدہ میں شائع کیا جائے۔

بحکم صدر مملکت

معتمد

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

جریدہ پاکستان حصہ اول میں اشاعت کے لیے

وزارت تعلیم

نمبر ________ اسلام آباد، مورخہ ________

قرارداد

حکومت پاکستان نے یکم جولائی ۱۹۷۶ء سے اکادمی ادبیات پاکستان ایک خود مختار ادارے کی حیثیت سے قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس ادارے کے فرائض، تنظیم اور مالی و انتظامی اختیارات حکومت وقتاً فوقتاً طے کرتی رہے گی۔

نائب معتمد

ناشر جریدۂ پاکستان
پاکستان چھاپہ خانہ کارپوریشن
کراچی

نقل برائے اطلاع بنام:

۱۔ جملہ وزارتیں/ڈویژن
۲۔ جملہ صوبائی حکومتیں
۳۔ وزارت تعلیم کے تحت ادارے
۴۔ جملہ یونیورسٹیاں
۵۔ یونیورسٹی گرانٹس کمیشن اسلام آباد

کابینہ سیکرٹریٹ

(امور عملہ ڈویژن)

________ کراچی، مورخہ

قرارداد

نمبر ________ تقسیم ہند سے قبل ہندوستان میں سب سے بڑی انتظامی سروس انڈین سول سروس تھی یہ ایک واحد سروس تھی جس کو صوبائی بنیادوں پر کئی زمروں کا ڈروں میں تقسیم کیا گیا تھا اس سروس میں بھرتی ہونے والے افسران کا تعین مختلف صوبوں کے لیے کر دیا جاتا تھا اور ملازمت کے دوران وہ اپنے صوبوں کے انڈین سول سروس کا ڈر زمرہ کے رکن رہتے تھے۔ مرکزی حکومت اپنی ضروریات صوبوں سے مستعار الخدمتی کے ذریعے پوری کرتی تھی۔ اس کے علاوہ غیر منقسم ہندوستان میں ایک انڈین پولیٹکل سروس تھی جس میں بھرتی کے دو بڑے ذرائع انڈین سول سروس اور انڈین آرمی تھے۔

۲۔ حکومت پاکستان نے مرکزی سروس کے طور پر کل پاکستان بنیادوں پر اپنی سول سروس قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے جس کا نام "سول سروس آف پاکستان" ہوگا۔ یہ فیصلہ پورے پاکستان کے لیے بہترین سول سروس قائم کرنے کے لیے کیا گیا ہے جو کہ تمام پاکستان کے لیے مرکزی بنیادوں پر کام کرے گی۔ اس سے صوبوں میں تعاون کی فضا اور انتظام میں ہم آہنگی پیدا ہوگی۔ اس سروس کے اراکین جن کو کسی بھی صوبے میں تعینات کیا جا سکے گا۔ صوبائی زمروں کا ڈروں کی نسبت مرکزی اور صوبائی حکومت کے لیے زیادہ سود مند ثابت ہوں گے۔ وفاق کے تمام حصول ... انتظام کا یکساں معیار حاصل کر سکیں گے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

۳۔ پاکستان سول سروس مرکزی زمرہ کاڈر پر مشتمل ہوگی جو کہ سابقہ انڈین سول سروس کے صوبائی کاڈر زمرے سے مختلف ہوگا۔ سروس میں سابقہ انڈین سول سروس کا صوبوں کا کاڈر زمرہ اور سابقہ انڈین پولیٹیکل سروس کا کاڈر زمرہ اور مرکزی سیکرٹریٹ کی اعلیٰ اسامیاں شامل ہوں گی۔ اس مرکزی کاڈر زمرہ میں شامل اسامیاں منسلکہ میں دی گئی ہیں۔

۴۔ سول سروس کے قیام سے متعلق حکومت کے اہم فیصلے درج ذیل ہیں:

سروس کی ابتدائی تشکیل و ترکیب

ابتدا میں سول سروس آف پاکستان حسب ذیل افسران پر مشتمل ہوگی:۔

(ا) پاکستان میں ملازم سابقہ انڈین سول سروس اور انڈین پولیٹیکل سروس کے افسران (ماسوائے ان کے جو پاکستان فارن سروس میں تبدیل کیے جا چکے ہوں)

(ب) پاکستان انتظامی سروس میں تقرر شدہ افسران

(ج) صوبائی ملازمتوں سے عارضی طور پر لیے گئے افسران صوبائی ملازمتوں سے بھرتی کے لیے مرکزی حکومت طریق کار وضع کرے گی۔

سروس میں عام بھرتی

سروس میں بھرتی مقابلے کے کھلے امتحان کے ذریعے ہوگی۔ یہ امتحان ہر سال وفاقی پبلک سروس کمیشن ملازمتوں کے کمیشن کی طرف سے ہوگا۔ تاہم مسلح افواج کے افسران کا انٹرویو لینے اور ان کی ملازمت کے ریکارڈ کا معائنہ کرنے کے بعد کمیشن ان کے سول سروس میں تقرر کے لیے سفارش کرے گا۔

تقرر اور تربیت

(۱) سروس میں تقرر مرکزی حکومت کرے گی۔

(۲) سروس میں براہ راست بھرتی ہونے والے امیدوار زیر آزمائش رہیں گے اور

انہیں سول سروس اکادمی لاہور میں تربیت حاصل کرنی ہوگی۔

(۳) زیر آزمائش افراد کے رویہ، نظم و ضبط اور تربیت کے بارے میں قواعد و ضوابط مرکزی حکومت علیحدہ جاری کرے گی۔

(۴) زیر آزمائش امیدوار کو آزمائشی مدت کی کامیاب تکمیل پر ملازمت میں مستقل کیا جا سکے گا۔

ابتدائی تعیناتی اور تبادلے کی ذمہ داری

امور عملہ ڈویژن کے مراسلات نمبر ۵۹/۵۸/۹ مؤرخہ ۱۳ راگست ۱۹۷۰ء اور مؤرخہ ۱۸ رنومبر ۱۹۷۰ء کے پیش نظر حذف کر دیا گیا۔

ترقیاں اور رخصت

(۱) متعلقہ صوبائی حکومت ادنیٰ اسکیل سے اعلیٰ اسکیل میں ترقیاں دے سکے گی جس کی مرکزی حکومت کو اطلاع دینا ہوگی۔

(۲) اعلیٰ اسامیوں پر اساسی تقرریاں مرکزی حکومت کی طرف سے پاکستان پبلک سروس کمیشن سرکاری ملازمت کمیشن کی سفارشات پر کی جائیں گی۔ کمیشن متعلقہ صوبائی حکومت کی رائے دریافت کرکے اسے بھی سفارشات کے ساتھ ارسال کرے گا۔

(۳) مرکز میں تقرر مع سیکرٹریوں کے تقرر کے میعادی ہوں گے۔

(۴) صوبائی حکومت سروس کے ملازم کو چار ماہ یا اس سے کم رخصت دے سکتی ہے۔

صوبوں میں فہرستی اسامیاں

(۱) صوبوں کے لیے متعین کردہ منسلکہ میں دی گئی اعلیٰ اسامیوں کے ۲۵ فی صد تک فہرستی اسامیاں تصور کی جائیں گی جن پر صوبائی سول سروس کے افسران فائز ہو سکیں گے۔ اس صورت حال کا ہر ۵ سال بعد جائزہ لیا جاتا رہے گا۔

(۲) فہرستی اسامیوں میں ترقی مرکزی حکومت کے طے کردہ طریق کار کے مطابق پاکستان

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

اخباری اعلامیے

پبلک سروس کمیشن سرکاری ملازمت کمیشن کے مشورے سے ہوں گی۔

(۳) صوبائی حکومتیں فہرستی اسامیوں میں عارضی یا قائم مقام ترقی دے سکتی ہیں لیکن ہر معاملے میں مرکزی حکومت کو اطلاع دینا ضروری ہوگا۔ فہرستی اسامیوں میں مستقل صوبائی حکومتوں کی سفارش پر اور پبلک سروس کمیشن/کمیشن برائے سرکاری ملازمت کے مشورے سے ہوگی۔

(۴) نظم و ضبط کے معاملات میں فہرستی اسامیوں کو سروس کے حقوق حاصل ہوں گے

(۵) فہرستی اسامیوں کے حاملین کا کسی دوسرے صوبے میں تبادلہ نہیں کیا جاسکے گا۔ البتہ مرکز میں تبادلہ ہوسکے گا۔

مرکزی اسامیوں پر تقرر

(۱) مرکز میں نائب معتمدان کی ۱/۲ اسامیاں سروس کے افسران کے لیے مختص ہوں گی۔ ان گریڈوں کی باقی اسامیوں کے لیے سروس کے افسران اور دوسری سروسوں کے افسران اہل ہوں گے۔

فیصلے پر نظر ثانی ہر ۵ سال بعد ہوگی۔

(۲) معتمد اور شریک معتمد کی کم از کم ۲/۳ اسامیاں سروس کے افسران کے لیے مختص ہوں گی اور باقی اسامیوں کے لیے سروس کے افسران اور دوسری سروسوں کے افسران اہل ہوں گے۔

اشارہ: اس فیصلے کا اطلاق مرکزی پول کی اسامیوں پر نہیں ہوگا جو کہ غیر منقسم ہند کے مالیاتی اور تجارتی پول کی طرز پر قائم کیا جارہا ہے۔

۳ اس قرارداد کو سرکاری جریدہ میں شائع کرنے کا حکم دیا جاتا ہے۔

نائب معتمد

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

نمبر ______

پاکستان (الیکشن) انتخابات کمیشن

سیکرٹریٹ بلاک ایس اسلام آباد

اخباری اعلامیہ

موجودہ انتخابی فہرستوں میں اضافہ جات خذفات اور تصحیحات کی حتمی فہرست ۳۱ مارچ ۱۹۸۳ء کو پورے ملک میں شائع کردی گئی ہے حتمی فہرستیں موجودہ انتخابی فہرستوں کے ساتھ ان مقامات پر جہاں پچھلے سال برائے ملاحظہ رکھی گئی تھیں ۳۱ مارچ سے ۱۴ اپریل ۱۹۸۳ء تک عوامی معائنہ کے لیے رکھی جائیں گی یہ مراکز مندرجہ ذیل مقامات پر واقع ہیں:

ا۔ رجسٹریشن افیسر کے دفتر میں اس کے دائرہ اختیار کے علاقہ کے لیے

ب۔ ہر معاون رجسٹریشن آفیسر کے دفتر میں صرف اس کے دائرہ اختیار میں آنے والے علاقہ کے لیے اور

ج۔ ہر انتخابی علاقہ میں نمایاں مقام پر خصوصاً پرائمری سکول دفتر مقامی جلدیہ یا کوئی دوسری عوامی عمارت۔

دلچسپی رکھنے والے تمام اشخاص کو بشمول اُن افراد کے جنہوں نے اندراج کے لیے درخواست دے رکھی ہو حتمی فہرستیں اور انتخابی فہرستیں دیکھنے کی دعوت دی جاتی ہے تاکہ وہ اطمینان کرلیں کہ ان کا نام رائے دہندہ کے طور پر درج ہوگیا ہے۔

NO. F. 1(1)/82-PR. (32).
ELECTION COMMISSION OF PAKISTAN
Secretariat Block 'S'

Islamabad, the 31st March, 1983

PRESS NOTE

The final lists of additions, deletions and corrections of entries in respect of the existing electoral rolls have been published throughout the country on 31st March, 1983. The supplementary lists, alongwith the existing electoral rolls, shall remain displayed for public inspection from 31st March to 14th April, 1983 at the same display centres where the rolls were exhibited in September last year. These display centres consist of the following places:-

(a) Office of the Registration Officer for all the areas under his jurisdiction;

(b) Office of each Assistant Registration Officer for the areas falling under his jurisdiction only; and

(c) At a conspicuous place in each electoral area preferably a Primary School, Local Council office or any other public building.

All those interested, including those who had applied for enrolment, are welcome to have a look at the supplementary lists and the electoral rolls in order to ensure that their names are registered as voters.

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

GOVERNMENT OF PAKISTAN
MINISTRY OF FINANCE

PRESS NOTE

The question of giving some relief to Indian pensioners, who migrated from India to Pakistan, has been under the consideration of Government for some time past. The President has been pleased to decide that ad hoc relief at the following rates may be paid to such Indian pensioners as have migrated to Pakistan upto 31st December, 1960:-

Pensions.	Ad hoc relief
Pensions (excluding temporary increase) not exceeding Rs. 30p.m.	Rs.5p.m.
Pensions (excluding temporary increase) above Rs. 30 p.m. but not above Rs. 75p.m.	
Pensions (excluding temporary increase) above Rs. 75 p.m. but not above 200 p.m.	Rs. 10 p.m.
Pensions (excluding temporary increase) above Rs. 200 p.m.	Such ad hoc relief as will bring the total pension to Rs. 210 p.m.

The ad hoc relief will be payable with effect from Ist March, 1968. The pensioners concerned are required to apply to the Accounts Officer of the area where they are residing in the following form:-

(i) Name of pensioner, with percentage, and present address in Pakistan and thg post from which he retired in India.

(ii) Number of Pension Payment Order———or where such order is not available, a copy of the letter of authority in which the pension was sanctioned or under which it is/was disbursed, should be supplied.

حکومت پاکستان
وزارت مالیات

اخباری اعلامیہ

بھارت سے پاکستان ہجرت کرنے والے بھارتی پنشنروں کو کچھ امداد دینے کا سوال کافی عرصہ سے حکومت کے زیر غور تھا۔ صدر مملکت نے فیصلہ کیا ہے کہ ۳۱ دسمبر ۱۹۶۰ء تک ہجرت کرکے پاکستان آجانے والے بھارتی پنشنروں کو حسب ذیل شرح سے عبوری امداد دی جائے۔

پنشن	عبوری امداد
۳۰ روپے ماہوار تک پنشن (عارضی اضافہ کے علاوہ)	۵ روپے ماہوار
۳۰ روپے سے زیادہ اور ۷۵ روپے ماہوار تک پنشن (عارضی اضافہ کے علاوہ)	۷٫۵۰ روپے ماہوار
۷۵ روپے سے زیادہ اور ۲۰۰ روپے ماہوار تک پنشن (عارضی اضافہ کے علاوہ)	۱۰ روپے ماہوار
۲۰۰ روپے ماہوار سے زیادہ پنشن (عارضی اضافہ کے علاوہ)	عبوری امداد جو پنشن کو ۲۱۰ روپے ماہوار کردے۔

عبوری امداد یکم مارچ ۱۹۶۸ء سے قابل ادائیگی ہوگی۔ متعلقہ پنشنروں کو حسب ذیل فارم میں اپنے رہائشی علاقے کے متعلقہ افسر حسابات کو درخواست دینی ہوگی۔

ا۔ پنشنر کا نام، والد کا نام، پاکستان میں موجودہ پتہ اور بھارت میں جس اسامی سے فارغ خدمت ہوئے۔

اا۔ حکم ادائیگی پنشن کا نمبر۔ اگر ایسا کوئی حکم دستیاب نہ ہو تو اختیار نامہ کی نقل جس کے ذریعے پنشن منظور کی گئی ہو یا جس کے تحت ادا کی گئی ہو۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

(iii) Amount of pension.

(iv) Name of the pension disbursing authority, whether receiving pension from an Accounts Officer in Pakistan or from the Indian High Commission in Pakistan.

(v) The date upto which the pension was drawn in India and/or whether receiving pension at present.

(vi) Date of migration to Pakistan.

(vii) Place where ad hoc relief is desired to be received in Pakistan.

The application must be furnished to the Accounts Officer by the 30th June, 1986, at the latest. In the case of pensioners drawing pensions from the Indian High Commission in Pakistan, the applications must be supported by specimen signatures and photographs of the pensioners in triplicate duly attested by a gazetted officer or by an Oath Commissioner or Justice of Peace.

(iii) پنشن کی رقم

(iv) پنشن ادا کرنے والے حاکم مجاز کا نام۔ پاکستان میں کسی افسر حسابات سے پنشن وصول کر رہے ہیں یا پاکستان میں بھارتی ہائی کمشنر سے۔

(v) ۔ جس تاریخ تک بھارت میں پنشن وصول کی گئی کیا اب بھی پنشن وصول کر رہے ہیں۔

(vi) ۔ ہجرت کر کے پاکستان میں آنے کی تاریخ اور

(vii) پاکستان میں کس مقام پر عارضی امداد وصول کرنا چاہتے ہیں۔

درخواستیں ۳۰ جون ۱۹۸۶ء تک متعلقہ افسر حسابات کے پاس پہنچ جانی چاہئیں بھارتی ہائی کمشنر سے پنشن وصول کرنے والے پنشنروں کی صورت میں درخواستوں کے ساتھ کسی جریدی افسر یا اوتھ کمشنر کے تصدیق کردہ دستخطوں کے نمونے اور تین فوٹو گراف ہونے چاہئیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

وزارت مذہبی امور و اقلیتی امور، اسلام آباد

اخباری اعلامیہ

باقاعدہ سکیم کے تحت حج کی درخواستیں وصول کرنے کی آخری تاریخ ۳۱ جنوری ۱۹۸۷ء ہے اس میں کوئی توسیع نہیں کی جائے گی۔ للہٰذا حج پر جانے کے خواہشمند حضرات سے التماس ہے کہ اپنی درخواستیں جلد از جلد ۳۱ جنوری سے قبل قومی بنکوں میں جمع کرا دیں۔ باقاعدہ سکیم کے تحت درخواستوں کی قرعہ اندازی ۳۱ جنوری ۱۹۸۷ء تک موصول ہونے والی درخواستوں کی جانچ پڑتال کے بعد فروری / مارچ ۱۹۸۷ء میں ہو گی۔

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS & MINORITY AFFAIRS, ISLAMABAD

PRESS NOTE

The last date for receipt of Hajj applications under the rigular Scheme is 31st January 1987, no extention will be made. Accordingly all intending pilgrims are requested to file their applications with the nationalized Banks as soon as possible and in any case positively by 31st January 1987. The ballot under the regular Scheme will be held in the month of February/March, 1987 after application received by 31st January, 1987 have been scrutinized.

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

وزارتِ مذہبی امور و اقلیتی امور ۔ حکومتِ پاکستان ، اسلام آباد

اخباری اعلامیہ

وزارتِ مذہبی امور و اقلیتی امور نے محرم الحرام ۱۴۰۷ھ کا چاند دیکھنے کے تمام انتظامات مکمل کر لیے ہیں۔

اس سلسلے میں مرکزی رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس ۵ ستمبر ۱۹۸۶ء (۲۹ ذی الحجہ ۱۴۰۶ھ) کو پاکستان براڈ کاسٹنگ ہاؤس (ریڈیو پاکستان) لاہور میں سورج غروب ہونے سے ایک گھنٹہ قبل منعقد ہوگا۔ رویت ہلال کمیٹی کے صدر نشین جناب ــــــــــــــ صدارت کریں گے۔

اسی طرح علاقائی کمیٹیوں کے اجلاس پشاور، کوئٹہ، اسلام آباد اور کراچی میں ہوں گے۔ لاہور علاقائی کمیٹی کے ارکین لاہور میں مرکزی رویت ہلال کمیٹی کے اجلاس میں شرکت کریں گے۔

لوگوں سے درخواست کی جاتی ہے کہ نیا چاند دیکھنے کے سلسلے میں اگر کوئی شہادت ہو تو وہ قریب ترین ضلعی یا علاقائی کمیٹی کو اطلاع دیں۔

مختلف کمیٹیوں کی طرف سے نیا چاند دیکھے جانے یا نہ دیکھے جانے کے بارے میں تمام اطلاعات فوری طور پر لاہور میں صدر نشین مرکزی رویت ہلال کمیٹی کو پہنچا دی جائیں گی۔

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS & MINORITY AFFAIRS, ISLAMABAD

Islamabad, Aug. 26.

All necessary arrangements for the sighting of Muharram-ul-Haram moon 1407 A.H. have been made by the Ministry of Religious Affairs and Minorities Affairs.

The Central Ruet-e-Hilal Committee will meet on September 5, 1986 (29th Zil Haj 1406 A.H.) one hour before sunset at the Pakistan Broadcasting House (Radio Pakistan) Lahore for the sighting of Muharam-ul-Haram moon. Mr. Justice Pir Mohammad Karam Shah Al-Azhari, Chairman of the Central Ruet-e-Hilal Committee will preside.

Simultaneously, the Zonal Committees will meet at Peshawar, Quetta, Islamabad and Karachi. The members of the Lahore Zonal Committee will, however, participate in the meeting of the Central Ruet-e-Hilal Committee at Lahore.

The Ministry has advised the people to give evidence about the sighting of the new moon, if any, to the nearest District or Zonal Sub-Committee. All information about the sighting or otherwise of the new moon as gathered by the various committees will be communicated immediately to the Chairman, Central Ruet-e-Hilal Committee at Lahore.

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

وزارت مذہبی امور و اقلیتی امور، اسلام آباد

اخباری اعلامیہ

بعض اخبارات میں ایسی خبریں آئی ہیں جن سے یہ تاثر پایا جاتا ہے کہ حج کے لیے درخواستیں دینے والوں کے لیے کسی رجسٹرڈ شدہ ایم بی بی ایس ڈاکٹر کی طرف سے طبی موزونیت کا تصدیق نامہ کی ضرورت کو اس سال پہلی مرتبہ نافذ کیا گیا ہے یہ بات حقیقت پر مبنی نہیں ہے حکومت گذشتہ کئی سال سے حج پر جانے والوں کے لیے طبی موزونیت کے تصدیق نامے کی ضرورت پر زور دے رہی ہے یہ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کیا گیا ہے کہ صرف انہی لوگوں کو حج پر جانے کی اجازت دی جائے جو جسمانی لحاظ سے موزوں ہوں۔ اور مناسک حج کی سختیاں سہہ سکیں۔ اگر جسمانی لحاظ سے معذور افراد کو حج پر جانے کی اجازت دی گئی وہ نہ صرف اپنے لیے بلکہ اپنے ساتھیوں کے لئے بھی بے شمار مسائل پیدا کریں گے۔ لہٰذا یہ حکومت کی واضح پالیسی ہے کہ صرف ان لوگوں کو حج پر جانے کی اجازت دی جائے جو حج کرنے کے لیے جسمانی استطاعت بھی رکھتے ہوں اس سال درخواستوں کے ساتھ پیش کیا جانے والا طبی موزونیت کا تصدیق نامہ کوئی بھی رجسٹرڈ شدہ ایم بی بی ایس ڈاکٹر دے سکتا ہے۔

MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS & MINORITY AFFAIRS, ISLAMABAD

PRESS NOTE

Comments appearing in a Section of press have given an impression that requirement for medical fitness certificate by a registered MBBS doctor for Hajj applicants has been introduced or the first time this year. This is not correct. The Government has been insisting for the past several years on production of medical fitness certificate by intending pilgrims. This has been done to ensure that only those who are physically fit to go through the regours of Manasik-e-Hajj are allowed to proceed. Physically dis-abled persons, if allowed to go for Hajj, will create lots of problems for themselves and for those accompanying them. Accordingly, it has been the declared policy of the Government to allow only these who are not physically incapacitated to perform Hajj i.e. they have the "Istataat" to perform Hajj. This year the medical fitness certificate to be submitted with the applications can be issued by any registered MBBS. doctor.

www.iqbalkalmati.blogspot.com :مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

محکمہ اطلاعاتِ عامہ

حکومت پاکستان

اخباری اعلامیہ

غیر مسلم امیدواروں کو اسلامیات کے پرچے سے مبرا قرار دے دیا گیا۔

اسلام آباد ۲۸ اگست

سروے آف پاکستان میں معاون ناظم (بی پی ایس ۔ ۱۷) کی تقرری کے لیے مقابلے کے امتحان میں شرکت کے خواہشمند امیدواروں کی اطلاع کے لیے فیڈرل پبلک سروس کمیشن نے اعلان کیا ہے کہ غیر مسلم امیدواروں کو اسلامیات کا پرچہ دینے سے مستثنیٰ قرار دے دیا گیا ہے اور اس کے بجائے ان کے لیے مطالعہ پاکستان کا پرچہ ۲۰۰ نمبروں کا تصور کیا جائے گا۔ مزید اطلاع دی گئی ہے کہ اسلامیات کا پرچہ دینے والے امیدوار صرف اُردو یا انگریزی میں پرچہ حل کر سکتے ہیں۔

PUBLIC INFORMATION DEPARTMENT

GOVT. OF PAKISTAN

PRESS NOTE

NON-MUSLIM CANDIDATES EXEMPTED FROM ISLAMIAT PAPER

Islamabad, August 28.

The Federal Public Service Commission has announced for general information of the intending candidates for the Competitive Examination, for Recruitment of Assistant Directors (BPS—17) in the Survey of Pakistan that Non-Muslim candidates have been exempted from the paper in Islamiat, and instead the paper in Pakistan Studies will be treated as of 200 Marks for them. It is further informed that the candidates offering Islamiat can answer the paper in Urdu or in English only.

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

محکمہ اطلاعات عامہ

حکومت پاکستان

اخباری اعلامیہ

اسلام آباد ۲۸ اگست

حکومت پاکستان نے فیصلہ کیا ہے کہ تنخواہ کمیٹی کی سفارشات میں حکومت پاکستان کے تحت انتظامی انکیل کی اسامیوں کے افسران رنکوں کے ایگزیکٹوز/ قومیائی گئی انشورنس کمپنیوں مالی اداروں میں کام کرنے والوں کی تنخواہوں الاؤنسوں اور دیگر سہولیات کے جائزے کو بھی شامل کیا جائے گا۔

اس سلسلے میں افسران / ایگزیکٹوز ۱۰ ستمبر ۱۹۸۶ء تک وزارت خزانہ رممبر / سیکرٹری پے کمیٹی / جوائنٹ سیکرٹری جناب ———— کو مشورے بھیج سکتے ہیں۔ اس بات کی نشاندہی بھی کر سکتے ہیں کہ کیا وہ تنخواہ کمیٹی کے سامنے اپنا نقطہ نظر بذات خود پیش ہو کر بیان کرنے کے خواہشمند ہیں۔

محکمہ اطلاعات

حکومت پاکستان

اخباری اعلامیہ

آزاد کشمیر میں انتخابی فہرستوں کی تیاری کی تاریخ میں توسیع۔

اسلام آباد ۲۶ ر اگست۔

آزاد جموں و کشمیر میں ابتدائی انتخابی فہرستوں کی آخری تاریخ ۳۱ ر اگست سے ۳۰ ر ستمبر ۱۹۸۶ء تک بڑھا دی گئی ہے اسی طرح فہرستوں کی تاریخ کے شائع کرنے کی تاریخ میں ۱۶ ر ستمبر سے ۱۶ ر اکتوبر ۱۹۸۶ء تک توسیع کر دی گئی ہے۔

آج یہاں چیف الیکشن کمشنر آزاد جموں و کشمیر کی جانب سے جاری کردہ ایک اخباری اعلامیہ میں اس بات کا اعلان کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ ان تاریخوں میں توسیع اس حقیقت کو مدنظر رکھتے ہوئے کی گئی ہے کہ پاکستان کے بعض علاقوں میں حالیہ سیلاب آزاد جموں و کشمیر کے بعض حصوں میں خراب موسمی حالات نیز دوسرے عوامل کی بنا پر آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کی انتخابی فہرستوں کی تیاری سے متعلق اعداد و شمار تیار کرنے کے کام میں رکاوٹ پیدا ہوئی ہے۔

ریاست کے شہری جنہوں نے اپنے ووٹوں کا اندراج نہیں کرایا ہے ان سے کہا گیا ہے کہ وہ ۳۰ ر ستمبر ۱۹۸۶ء تک اپنے ووٹوں کا اندراج کرا لیں۔ چھپے ہوئے فارموں کی عدم دستیابی کی صورت میں مطلوبہ اطلاعات سادہ کاغذ پر بھی داخل کرائی جا سکتی ہیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

حکومت پاکستان

وزارت مذہبی امور و اقلیتی امور

اخباری اعلامیہ

روزنامہ ——————— مورخہ ۵ اپریل ۱۹۸۵ء میں ایک اداریہ بعنوان "زائرین کی شکایت" کا ازالہ شائع ہوا ہے جس میں تجویز کیا گیا ہے کہ زائرین کے انتخاب کے لیے قرعہ اندازی کا طریقہ رائج کرنے کے احکام صادر کیے جائیں اور قرعہ اندازی کی تاریخ وقت اور مقام سے تمام درخواست دہندوں کو بروقت اطلاع دیے جانے کے انتظام کیے جائیں۔

اس سلسلے میں پہلے بھی بذریعہ اخبارات وضاحت کی جا چکی ہے کہ انتخابات کا موزوں طریقہ کار موجود ہے اور اس طریقے کے تحت نہایت دیانت اور احتیاط کے ساتھ زائرین کا انتخاب کیا جاتا ہے۔ ناکام حضرات ہی اپنی ناراضگی کا اظہار کرتے ہیں جس کا ازالہ کرنا ممکن نہیں۔ درخواست دہندگان پورے ملک سے درخواستیں بھیجتے ہیں اور ان میں سے مختلف عرسوں کے لیے ۱۰۰ افراد سے لے کر ۲۵۰ افراد کی قرعہ اندازی کی جاتی ہے۔ مرکزی جامع مسجد اسلام آباد میں حسب تجویز اس کا اہتمام کیا جائے گا۔ تاریخ اور وقت کا اعلان بذریعہ اخبار کر دیا جائے گا اور دلچسپی رکھنے والے درخواست دہندگان اپنے اطمینان کے لیے تشریف لا کر قرعہ اندازی کا خود مشاہدہ کر سکیں گے۔

اخباری اعلامیہ

اثاثوں کا اقرار نامہ جمع کرانے کی تاریخ میں توسیع

اسلام آباد ۲۹ جنوری

وزارت خزانہ میں حکومت پاکستان، بنک دولت پاکستان اور مرکزی محاصل بورڈ بیرونی زرمبادلہ برائے قومی فنڈ بانڈ میں سرمایہ کاری کیے گئے اثاثوں کا اعلان "جمع کرانے کی آخری تاریخ میں ۳۱ جنوری ۱۹۸۶ء سے ۱۵ فروری ۱۹۸۶ء تک پندرہ دن کی توسیع کرنے پر رضامند ہو گئے ہیں۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

دفتر اے جی پی آر اسلام آباد

اخباری اعلامیہ

وفاقی حکومت کے تمام پنشنر حضرات کے لیے اطلاع دی جاتی ہے کہ گریجویٹی کمیوٹیشن کی کٹوتی کی واپسی اور فیملی پنشنوں کی بحالی کے لیے دفتر حسابدار اعلیٰ محاصل پاکستان (اے جی پی آر) اسلام آباد کو براہ راست درخواست دیں تاکہ ان کی سہولت کے لیے بروقت مناسب کارروائی کی جا سکے۔

دفتر حسابدار اعلیٰ محاصل پاکستان اسلام آباد

اخباری اعلامیہ

محاسب اعلیٰ پاکستان کے خصوصی حکم پر دفتر حسابدار اعلیٰ محاصل پاکستان میں شعبہ شکایات قائم کیا گیا ہے جہاں موصول ہونے والی شکایات کا فوری تصفیہ کرانے کے لیے دفتری اوقات کے دوران عملہ موجود رہے گا۔ حساب دار اعلیٰ بھی ہر روز گیارہ بجے سے بارہ بجے تک شعبہ شکایات میں بیٹھا کریں گے اور شکایات کے ازالہ کے لیے موقع پر احکامات جاری کیا کریں گے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ذیلی دفتر حسابدار اعلیٰ محاصل پاکستان فورٹ روڈ پشاور صدر

اخباری اعلامیہ

حسابدار اعلیٰ محاصل پاکستان کے ذیلی دفتر پشاور نے مارچ ۱۹۸۶ء کے آخر تک ریٹائر شدہ وفاقی ملازمین کی جی پی فنڈ کی حتمی ادائیگی کی ۱۵۵ درخواستیں مکمل کر کے رقومات کی ادائیگی کے ساتھ متعلقہ محکموں کو ارسال کر دی گئی ہیں۔

تاہم اگر اس ضمن میں کسی ریٹائرڈ وفاقی سرکاری ملازم کو اس سلسلے میں کسی قسم کی شکایت ہو تو جناب ________ نائب حسابدار اعلیٰ سے تحریری طور پر یا ٹیلیفون نمبر ۲۷۹۱۸ پر رابطہ قائم کریں۔

دفتر حسابدار اعلیٰ محاصل پاکستان اسلام آباد

اخباری اعلامیہ

حسابدار اعلیٰ محاصل پاکستان کے دفتر میں موصول ہونے والے کنبہ پنشن (فیملی پنشن) کی بحالی کے ۲۰۶۰ معاملات کا تصفیہ ہو چکا ہے اور اس وقت دفتر میں کنبہ پنشن کا کوئی معاملہ زیرالتوا نہیں ہے لہٰذا اگر وفاقی حکومت کے کسی مرحوم پنشنر کی بیوہ کی پنشن روک دی گئی ہو اور اس کی پنشن واگزار نہ ہوئی ہو تو وہ اپنی متعلقہ دستاویزات کے ساتھ معاون افسر حسابات جناب ________ سے بذریعہ درخواست یا دفتری اوقات میں ذاتی رابطہ قائم کریں تاکہ ان کی پنشن کی ادائیگی کے احکامات جاری کیے جائیں۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ادارہ طبی سائنس پاکستان اسلام آباد

اخباری اعلامیہ

جاپان کی مدد سے تعمیر کیے جانے والے نرسنگ، پیرا میڈیکل کالج نے کام شروع کر دیا ہے یہ کالج پچھلے پانچ سالہ منصوبے کے تحت عوام کو تعلیم اور صحت کی بہتر سہولتیں فراہم کرنے کے سلسلے کی ایک کڑی ہے۔

سرکاری ملازمتوں کا وفاقی کمیشن اسلام آباد

اخباری اعلامیہ

سرکاری ملازمتوں کا وفاقی کمیشن ۲۳ فروری ۱۹۸۶ء کو اسلام آباد، لاہور، کراچی اور کوئٹہ میں محکمہ محاسبہ و حسابات پاکستان اور محکمہ فوجی حسابات پاکستان میں بنیادی سکیل ۱۶ میں کار آموز حسابداروں کے امتحان کا بندوبست کرے گا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

وزارت خوراک و زراعت حکومت پاکستان اسلام آباد

اخباری اعلامیہ

وفاقی حکومت نے جپسم کے بطور کھاد استعمال کی منظوری دے دی ہے۔ اب کیمیادی کھادوں پر دی جانے والی تمام مراعات کا جپسم پر بھی اطلاق ہوگا اور جپسم کی نقل و حمل یا خرید و فروخت پر صوبائی جبوری محصول، چونگی محصول، آب کاری یا کوئی دوسرا محصول وصول نہیں کیا جائے گا۔ تاکہ کاشتکاروں کو جپسم ارزاں نرخوں پر فراہم کیا جا سکے اور وہ اس کے استعمال سے اپنی بنجر اور غیر آباد زمینوں کو قابلِ کاشت بنا سکیں۔

نائب معتمد
حکومت پاکستان

بنک دولت پاکستان (شعبہ انتظامی) کراچی

اخباری اعلامیہ

بنک دولت پاکستان میں افسرانِ تحقیق کی اسامیوں کے لیے ہونے والا تحریری امتحان پہلے ملتوی کر دیا گیا تھا۔ اب جمعہ ۳۰ جنوری کو بنک دولت پاکستان کے کراچی، لاہور، راولپنڈی، پشاور اور کوئٹہ کے دفاتر میں ہوگا۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج لاہور۔

اخباری اعلامیہ

کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج کے شعبہ امراض جلد کے زیر اہتمام جذام کے عالمی دن کے موقع پر ۲۵ جنوری ۱۹۸۷ء بروز شام ۴ بجے ایک تقریب ہوگی۔ صوبائی وزیر صحت جناب ——— مہمانِ خصوصی ہوں گے۔

دفتر افسر حسابات، محاصل ٹیلیفون، راولپنڈی

اخباری اعلامیہ

بعض اخبارات میں شائع ہونے والی ان خبروں میں کوئی صداقت نہیں ہے کہ افسر حسابات محاصل ٹیلیفون کے دفتر کو راولپنڈی سے اسلام آباد منتقل کیا جا رہا ہے ایسی کوئی تجویز محکمہ ٹیلیفون کے زیر غور نہیں ہے۔ دفتر حسب معمول سیٹلائٹ ٹاؤن راولپنڈی میں کام کرتا رہے گا۔

افسر حسابات
محاصل ٹیلیفون
راولپنڈی

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

قومی مرکز حکومت پاکستان ایبٹ آباد

اخباری اعلامیہ

عید میلاد النبی کے سلسلے میں قومی مرکز (نیشنل سنٹر) ایبٹ آباد کے زیر اہتمام مقابلہ نعت خوانی ہوگا جس میں ضلع ایبٹ آباد کے سکولوں کے طلبا اور طالبات حصہ لیں گے۔ کمشنر ہزارہ ڈویژن بمہان خصوصی ہوں گے۔ مقابلے میں اوّل، دوم اور سوم آنے والے طلبا اور طالبات کو انعامات دیئے جائیں گے۔

گورنمنٹ کالج اصغر مال، راولپنڈی

اخباری اعلامیہ

گورنمنٹ کالج اصغر مال راولپنڈی میں ۱۴ اور ۱۵ مارچ کو راولپنڈی اور اسلام آباد کے کالجوں کے طلبا کے خطاطی کے فن پاروں کی نمائش اور مقابلہ ہوگا۔ نمائش و مقابلے میں شرکت کے خواہشمند طلبا اپنے فن پارے پرنسپل کے پاس جمع کرادیں فن پاروں پر متعلقہ کالج کے پرنسپل کی تصدیق ضروری ہے۔ اوّل، دوم اور سوم آنے والے فن پارے انعام کے مستحق ہوں گے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کمیشن برائے خواندگی و تعلیم عامہ حکومت پاکستان اسلام آباد

اخباری اعلامیہ

تعلیم عامہ کی ملک گیر مہم کے تحت ۲۲ ہزار نئی روشنی سکولوں کا پورے ملک میں کھلنے کا عمل شروع ہو چکا ہے۔ ان سکولوں میں لڑکوں اور لڑکیوں کی تعلیم کے لیے علیحدہ انتظام ہوگا۔ داخلہ مفت ہوگا اور کتابیں بھی بلاقیمت فراہم کی جائیں گی اور پرائمری کا نصاب دو سال میں مکمل کرایا جائے گا۔ تعلیم روزانہ بعد دوپہر دی جائے گی۔ طالب علم کی عمر دس سال سے زائد ہونی چاہیئے۔

داخلے کے لیے مقامی نئی روشنی سکول یا کمیشن کے صدر دفتر خیابان اقبال اسلام آباد سے رجوع کریں۔

فیڈرل ایمپلائز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی اسلام آباد

اخباری اعلامیہ

وفاقی حکومت کے ملازمین کی رہائشی مشکلات کے پیش نظر فیڈرل ایمپلائز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی اسلام آباد نے ایک نیا رہائشی منصوبہ شروع کیا ہے جس کے لیے اسلام آباد ہائی وے پر زیرو پوائنٹ کے قریب ایک قطعہ اراضی حاصل کر لیا گیا ہے۔ یہ قطعہ اراضی نجی ملکیت سے حاصل کیا گیا ہے کیونکہ سی ڈی اے سے پلاٹوں کے حصول میں دشواری پیش آ رہی ہے ۱۹۷۵ء کے بعد سی ڈی اے نے کوئی پلاٹ سوسائٹی کو نہیں دیا۔

سوسائٹی کی رہائشی سکیم کے تحت مختلف سائزوں کے ۱۶۵۰ پلاٹ تیار کیے گئے ہیں۔ جو صرف سوسائٹی کے اراکین کو الاٹ کیے جائیں گے۔ اراکین پلاٹ کے حصول کے لیے مجوزہ فارموں پر درخواستیں دے سکتے ہیں۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

خواندگی و تعلیم عامہ کمیشن اسلام آباد

اخباری اعلامیہ

نئی روشنی سکولوں کی جماعتوں کا اجرا نئے تعلیمی سال سے کر دیا جائے گا۔ اس منصوبے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر کام ہو رہا ہے ملک بھر میں مختلف ٹیمیں اساتذہ کا انتخاب کر رہی ہیں پندرہ ہزار گریڈ ۱۶ کے ملازمین کو منتخب کر لیا گیا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ سکولوں کا چناؤ بھی کیا گیا ہے۔

اس کام کے لیے زیادہ تر سرکاری تعلیمی اداروں کی عمارات کو استعمال کیا جائے گا جن کو نئی روشنی منصوبہ کے فنڈ سے ماہانہ کرایہ ادا کیا جائے گا۔ نئی روشنی سکولوں میں تعینات ہونے والے اساتذہ پر بھاری ذمہ داری عائد ہو گی۔ کیونکہ سکول میں پڑھائی کے علاوہ انہیں زیادہ سے زیادہ وقت اپنے مخصوص علاقوں میں گذارنا ہو گا۔ جہاں وہ ان پڑھ افراد کو پڑھائی کی طرف راغب کرنے میں مصروف رہیں گے۔

نئی روشنی سکولوں کے اجرا سے ملک بھر میں تعلیم کا دائرہ وسیع تر ہو جائے گا اور اس طرح وزیراعظم کے پانچ نکاتی پروگرام کی تکمیل میں مدد ملے گی۔

پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز کارپوریشن کراچی

اخباری اعلامیہ

پی آئی اے ۲۶ اکتوبر ۱۹۸۶ء سے لندن اور اسلام آباد کے درمیان براہ راست پروازوں کا آغاز کر رہی ہے۔ اس سلسلے کی پہلی پرواز لندن سے ۲۶ اکتوبر ۱۹۸۶ء بروز اتوار پونے ۹ بجے شب اسلام آباد کے لیے روانہ ہو گی اور سوموار کو پاکستان کے وقت کے مطابق صبح دس بجکر دس منٹ پر اسلام آباد پہنچے گی۔ اس طرح یہ پرواز صرف آٹھ گھنٹے ۲۵ منٹ میں لندن سے اسلام آباد پہنچے گی۔ ان پروازوں میں جمبو جیٹ طیارے استعمال کیے جائیں گے

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

وزارت مذہبی امور و اقلیتی امور اسلام آباد

اخباری اعلامیہ

وزارت مذہبی امور کو باقاعدہ سکیم کے تحت ۵۰ ہزار سے زائد عازمین حج کی درخواستیں موصول ہو چکی ہیں۔ اس سکیم کے تحت ۳۴ ہزار حضرات حج کے لیے جا سکیں گے۔ ان درخواستوں کی قرعہ اندازی مارچ کے پہلے ہفتے میں ہو گی۔ درخواستوں کی جانچ پڑتال کا کام مکمل ہونے کے بعد قرعہ اندازی کی حتمی تاریخ کا اعلان کر دیا جائے گا۔

کفالتی سکیم کے تحت اس سال ۳۵ ہزار عازمین حج فریضۂ حج ادا کر سکیں گے۔ وزارتِ مذہبی امور نے عازمین حج کو مناسکِ حج اور دیگر معلومات فراہم کرنے کے لیے کراچی اور اسلام آباد کے حاجی کیمپوں میں میوزیم قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے جن میں تمام مطلوبہ لٹریچر اور مقاماتِ مقدسہ کی تصاویر رکھی جائیں گی۔ عوام سے اپیل کی جاتی ہے کہ وہ ان میوزیموں کے لیے حج کے بارے میں کتابوں اور مقاماتِ مقدسہ کی تصاویر کا عطیہ دیں۔

وزارت مواصلات، حکومت پاکستان اسلام آباد

اخباری اعلامیہ

حکومت پاکستان نے اس سال مقررہ کوٹے کے علاوہ ۵۰۰۰ زائرین حج کو بذریعہ ہوائی جہاز بھیجنے کی تجویز تیار کی تھی۔ لیکن بعض ناگزیر وجوہات کی بنا پر اس تجویز پر عملدرآمد ممکن نہیں ہے۔ ان حالات میں ڈویژنل کمشنروں کے دفتر میں اضافی نشستوں کے لیے حالیہ قرعہ اندازی میں کامیاب ہونے والے درخواست گزاروں کے سفر کے انتظامات نہیں کیے جا سکتے۔

کراچی

۱۰ر فروری ۱۹۶۱ء

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

وزارتِ خارجہ حکومت پاکستان، اسلام آباد

اخباری اعلامیہ

حکومت پاکستان اور حکومت .... قونصل خانہ کی سطح پر سفارتی تعلقات قائم کرنے پر رضامند ہو گئی ہیں۔ انہیں یقین ہے کہ دونوں ممالک کے درمیان پہلے سے موجود دوستانہ تعلقات دونوں کے باہمی مفاد میں اور بھی مضبوط ہو جائیں گے۔

پاکستان زرعی تحقیقاتی کونسل اسلام آباد

اخباری اعلامیہ

پاکستان زرعی تحقیقاتی کونسل کے زیر اہتمام ڈیری فارم ٹیکنالوجی کے موضوع پر دو روزہ قومی سیمینار قومی زرعی تحقیقاتی مرکز میں ۲۴ نومبر کو صبح ساڑھے ۹ بجے شروع ہوگا جس کا افتتاح کونسل کے چیئرمین جناب ڈاکٹر .... کریں گے۔ اس میں پورے ملک سے دودھ کی صنعت سے متعلق نمائندے شرکت کریں گے۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

پاکستان قومی مرکز، آدم جی روڈ راولپنڈی

اخباری اعلامیہ

پاکستان قومی مرکز نیشنل سنٹر راولپنڈی میں مولانا ظفر علی خان کی یاد میں ایک خصوصی تقریب مورخہ ۲۷ نومبر ۱۹۸۶ء بروز جمعرات شام ۴ بجے منعقد ہوگی جس کی صدارت بزرگ رہنما جناب ——— کریں گے۔ مقررین میں جناب ——— کے نام شامل ہیں۔

وزارت مذہبی امور و اقلیتی امور (سر شعبہ اقلیتی امور) اسلام آباد

اخباری اعلامیہ

اقلیتی فرقوں کی فلاح و بہبود اور ترقی کے لیے خصوصی گرانٹ میں سے مبلغ ——— روپے کی رقم ضرورت مند افراد کی مالی مدد کے لیے مخصوص کی گئی ہے جو اقلیتی فرقوں سے تعلق رکھنے والے قومی اسمبلی کے اراکین کی سفارش پر مستحق افراد میں تقسیم کی جائے گی۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

قومی اسمبلی سیکرٹریٹ اسلام آباد

اخباری اعلامیہ

قومی اسمبلی کی سرکاری حسابات کمیٹی کا اجلاس مورخہ ________ کو قومی اسمبلی کے کمیٹی روم نمبر ۲ میں صبح نو بجے شروع ہوگا۔ یہ اجلاس ۵ روز تک جاری رہے گا۔ وزارت مواصلات، وزارت تجارت اور وزارت دفاع کے حسابات، سرکاری حسابات کمیٹی کے معائنہ کے لیے پیش کیے جائیں گے۔

کمشنر انکم ٹیکس راولپنڈی زون راولپنڈی

اخباری اعلامیہ

انکم ٹیکس کے گوشوارے داخل کرنے کی آخری تاریخ میں ۳۱ اکتوبر ۱۹۸۶ء تک توسیع کر دی گئی ہے۔ اس کے بعد مزید توسیع نہیں کی جائے گی۔ انکم ٹیکس ادا کرنے والے جملہ حضرات سے درخواست ہے کہ اپنے گوشوارے ۳۱ اکتوبر سے قبل داخل کر دیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

صدر دفتر بنک دولت پاکستان کراچی

اخباری اعلامیہ

۵ فروری ۱۹۸۸ء کو ختم ہونے والے ہفتے کے دوران ملک میں زیر گردش نوٹوں کی مالیت ۴۷ ارب ۴۵ کروڑ ۸۷ لاکھ ۷۵ ہزار ہو گئی۔ زرعی شعبے کو ۱۳۰۱ ارب روپے کے قرضے اور صنعتی شعبے کو ۱۰۵ ارب روپے کے قرضے دیے گئے۔

دفتر ناظم اعلیٰ قومی بچت اسلام آباد

اخباری اعلامیہ

ہزار روپے کے قومی انعامی بانڈوں کی ۱۸ویں قرعہ اندازی یکم فروری ۱۹۸۶ء صبح ۹ بجے جناح ہال بلدیہ عظمیٰ ملتان میں ہوگی۔

اس کے بعد گیارہ روپے والے انعامی بانڈوں کی قرعہ اندازی ہوگی۔

عوام سے قرعہ اندازی میں شرکت کرنے کی درخواست کی جاتی ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

محکمہ صحت حکومت پنجاب لاہور

اخباری اعلامیہ

بچوں کی مہلک بیماریوں خسرہ، تشنج، کالی کھانسی، پولیو، خناق اور تپدق سے بچاؤ کے ٹیکے لگانے کے لیے تمام سرکاری ہسپتالوں میں انتظام کر دیا گیا ہے اس کے علاوہ محکمہ صحت کی گشتی ٹیموں سے بھی یہ ٹیکے مفت لگوائے جا سکتے ہیں۔ بچوں کے والدین سے تعاون کی اپیل کی جاتی ہے۔

ہینڈ آؤٹ نمبر ______

صدر کے افریقی قحط زدگان کے امدادی فنڈ میں عطیات

اسلام آباد ۴ر فروری ۳۰ر جنوری ۱۹۸۶ء تک صدر کے افریقی قحط زدگان کے امدادی فنڈ میں کل ۵۶۵، ۴۱۳، ۲۷ روپے اور ۲۴ پیسے جمع ہو چکے ہیں۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں: www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

وفاقی ضلعی دفتر بہبود آبادی، اسلام آباد

اخباری اعلامیہ

قومی ترقی کے لیے ملک کی آبادی اور وسائل میں صحت مند توازن برقرار رکھنے کے لیے وفاقی علاقہ میں بہبود آبادی کے مندرجہ ذیل فلاحی مراکز پوری تن دہی اور لگن کے ساتھ خدمات سر انجام دے رہے ہیں۔

۱۔ فلاحی مرکز جی ۔ ۲/۷ اسلام آباد

۲۔ فلاحی مرکز جی ۔ ۳/۹ اسلام آباد

۳۔ فلاحی مرکز ایچ ۔ ۹ اسلام آباد

۴۔ فلاحی مرکز بارہ کہو

۵۔ فلاحی مرکز گولڑہ شریف

۶۔ فلاحی مرکز ہردوگہر

۷۔ فلاحی مرکز روات

۸۔ فلاحی مرکز چراہ

۹۔ فلاحی مرکز کرپا

۱۰۔ فلاحی مرکز ترلائی

۱۱۔ فلاحی مرکز نور پور شاہاں

۱۲۔ فلاحی مرکز ترنول

یہ فلاحی مراکز بہبود آبادی کے مندرجہ ذیل کام کر رہے ہیں۔

—— عام بیماریوں کا علاج،

—— خواتین تک کے لیے تعلیمی و سماجی محفلوں کا اہتمام،

—— بہتر گھرداری کے لیے عملی تربیت،

—— بچوں کی پیدائش میں خواہش کے مطابق مناسب وقفہ

—— اولاد کی نعمت سے محروم خواتین کا علاج۔

—— زچہ و بچہ کی صحت کی دیکھ بھال

—— بچوں کی دیکھ بھال کی تربیت اور

—— بچوں کے حفاظتی ٹیکے۔

اس کے علاوہ سنٹرل گورنمنٹ سروسز ہسپتال اسلام آباد کمرہ نمبر ۲۲ میں بھی یہ تمام سہولیات دستیاب ہیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

حکومت پاکستان

وزارت مذہبی امور و اقلیتی امور

(شعبہ زیارت)

اخباری اعلامیہ

ہندوستان میں ہونے والے پانچ عرسوں پر پاکستان سے زائرین کے بھیجے کا بندوبست وزارت مذہبی امور کی وساطت سے ہوتا ہے ہر عرس کے لیے زائرین کی تعداد حسب ذیل مقرر ہے۔

۱۔ حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ ۱۰۰ زائرین

۲۔ حضرت خواجہ علاؤ الدین علی احمد رحمۃ اللہ علیہ ۱۰۰ زائرین

۳۔ حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ علیہ ۱۵۰ زائرین

۴۔ حضرت خواجہ معین الدین چشتی رحمۃ اللہ علیہ ۲۵۰ زائرین

۵۔ حضرت خواجہ امیر خسرو رحمۃ اللہ علیہ ۱۰۰ زائرین

عرس سے تین ماہ قبل درخواستیں طلب کی جاتی ہیں لہٰذا اس موصول شدہ درخواستوں میں سے زائرین کا انتخاب صوبائی تناسب کے لحاظ سے ایک کمیٹی قرعہ اندازی کے ذریعے کرتی ہے جس کی صدارت جوائنٹ سیکرٹری صاحب وزارت مذہبی امور کرتے ہیں۔ کچھ نشستیں خصوصی نامزد کردہ افراد، لیڈر، مذہبی لیڈر، ڈاکٹر اور رابطہ افسر کے انتخاب کے ذریعے پُر کی جاتی ہیں۔

زائرین کا انتخاب مذکورہ بالا قاعدہ کے مطابق ہوتا ہے جو حضرات قرعہ اندازی میں کامیاب ہوتے ہیں انہیں کوئی اعتراض نہیں ہوتا اور جو ناکام رہ جائے ہیں وہ شاکی رہتے ہیں۔ جن کے لیے حکومت کے پاس معذرت کے سوا کوئی چارہ کار نہیں البتہ کوشش کی جا رہی ہے کہ زائرین کی مقررہ تعداد میں اضافہ ہو تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ مستفیض ہو سکیں۔

اس سلسلے میں زیارت کے خواہشمند حضرات اگر اپنے گرانقدر مشوروں سے نوازیں تو عنایت ہوگی۔

نمبر

دفتر صوبائی انتخابات کمیشن پنجاب

لاہور ۲۵ اگست ۱۹۷۷ء

اخباری اعلامیہ

لاہور رو ڈویژن سے قومی اسمبلی اور صوبائی اسمبلی کے لیے کاغذات نامزدگی کی منظوری یا قبولیت کے خلاف ذیل میں درج ۱۲ اپیلوں کی سماعت جناب ڈاکٹر جسٹس ممبر انتخابات کمیشن کے ایوان، عمارت عدالت عالیہ لاہور میں ہوگی۔ سماعت بعدہ ۲۷ اگست ۱۹۷۷ء صبح ۹ بجکر ۳۰ منٹ پر شروع ہوگی۔

نمبر شمار	نام اپیل کنندہ	نمبر اور نام حلقہ انتخاب
۱۔	جناب	ق ا ۔ ۹۹ گوجرانوالہ II
۲۔	جناب	ق ا ۔ ۸۴ لاہور IV
۳۔	میاں	ق ا ۔ ۹۶ شیخوپورہ IV
۴۔	چوہدری	ق ا ۔ ۸۳ لاہور III
۵۔	جناب	ص پ ۔ ۱۵۶ سیالکوٹ XII
۶۔	آنسہ	ص پ ۹۴ لاہور V

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

نمبر

انتخابات کمیشن پاکستان

سیکرٹریٹ بلاک ایس اسلام آباد

۲۴ ستمبر ۷۷ ۱۹ء

اخباری اعلامیہ

انتخابات کمیشن پاکستان نے قومی اور صوبائی اسمبلیوں کے لیے عام انتخابات میں رائے دہی بذریعہ ڈاک کے لیے درخواستیں وصول کرنے کی آخری تاریخ ۲۰ ستمبر ۷۷ ۱۹ء مقرر کی ہے۔

۲۔ قانون کے تحت یہ سہولت صرف ان اشخاص کو حاصل ہوگی جو سرکاری ملازمین (بشمول مسلح افواج) عوامی عہدوں پر فائز افراد ان کی بیگمات اور ان کے ایسے بچے جو رائے دہندہ کے طور پر درج ہوں اور عام طور پر ان کے ساتھ رہتے ہوں اور ایسے اشخاص جو قید میں یا دوسری قانونی تحویل میں رکھے گئے ہوں۔

۳۔ ایسے عملہ رائے دہی مسلح افواج اور پولیس کے ملازمین جو کسی ایسے مرکز رائے دہی پر تعینات کیے گئے ہیں جہاں وہ اپنے ووٹ ڈالنے کے حقدار نہیں تو اس سلسلے میں آخری تاریخ ۳ اکتوبر ۱۹۷۷ء مقرر کی گئی ہے ایسے افراد جو صدارتی افسران، معاون صدارتی افسران اور افسر رائے دہی کی ذمہ داریوں پر تعینات کیے گئے ہیں کو ۳ اکتوبر ۷۷ ۱۹ء سے پہلے رائے دہی بذریعہ ڈاک کے لیے درخواستیں ارسال کرنے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔

۴۔ رائے دہی بذریعہ ڈاک کے لیے درخواست مجوزہ فارم پر حلقہ انتخاب جس میں وہ رائے دہندہ کے طور پر رجسٹر ہو اور ووٹ ڈالنے کا حقدار ہو کے افسر رائے دہی کے پاس پہنچنی چاہیئے یہ فارم رائے دہی افسران کو معقول تعداد میں مہیا کر دیے گئے ہیں اور بلا قیمت حاصل کیے جا سکتے ہیں۔

۵۔ درخواست دہندگان جنہوں نے رائے دہی بذریعہ ڈاک کے لیے درخواست دی ہو خود ووٹ ڈالنے کے حقدار نہ ہوں گے۔

۶۔ رائے دہندہ کے متعلقہ دفتر/محکمے سے حسب ضابطہ تطہیر شدہ درخواست برائے اجراء پرچی متعلقہ افسر رائے دہی کو بھیجنی چاہیئے یہ غیر مجاز افراد کے رائے پرچی بذریعہ ڈاک کے لیے رجوع کرنے کے لیے ضروری ہے۔

۷۔ رائے دہی بذریعہ ڈاک کا حق رکھنے والے افراد کو قومی اسمبلی کے حلقہ انتخاب اور صوبائی اسمبلی کے حلقہ انتخاب کے لیے علیحدہ علیحدہ درخواستیں متعلقہ افسر رائے دہی کو ارسال کرنی چاہیئں کسی بھی سلسلے میں کوئی درخواست برائے رائے دہی بذریعہ ڈاک انتخابات کمیشن یا صوبائی انتخابات کمیشن کو نہیں بھیجنی چاہیئے۔

۸۔ مزید وضاحت کی جاتی ہے کہ خواہشمند رائے دہندگان کے بھیجے گئے لفافے جن میں رائے دہی پرچی ہو حسب ضابطہ ٹکٹ دار ہونا چاہیے افسر رائے دہی کسی بھی صورت میں بغیر ٹکٹ دار اور کم ٹکٹ دار لفافے وصول نہیں کرے گا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

وزارت مواصلات، حکومت پاکستان، اسلام آباد

اخباری اعلامیہ

آئندہ ماہ سے ٹیلیفون کالوں کے اخراجات کو معقول بنایا جائے گا جس کے تحت ۳۴ ممالک کے لئے ٹیلیفون کالوں کے اخراجات میں اضافہ کر دیا جائے گا۔ جبکہ ۹۹ (قطر) اور امریکہ کے لیے فی منٹ ٹیلیفون کال کے اخراجات میں ۳ روپے اور ۵ روپے کی کمی کر دی جائے گی۔ ۱۴۵ ممالک کے لیے ٹیلیفون کالوں کے اخراجات میں کوئی کمی بیشی نہیں کی گئی۔ بین الاقوامی ٹیلیفون کالوں کے اخراجات کی یہ شرحیں ۱۹۷۰ کی ابتدا میں مقرر کی گئی تھیں۔ اس وقت ایک امریکی ڈالر پاکستان کے دس روپے کے برابر تھا۔

وزارت مالیات، حکومت پاکستان، اسلام آباد

اخباری اعلامیہ

وفاقی حکومت کے ملازمین اور پنشروں کے لیے یکم جولائی ۱۹۸۶ء سے حسب ذیل مراعات فوائد کا اعلان کیا جاتا ہے۔

<u>انڈکسیشن</u> ——— گذشتہ سال کی انڈیکیشن کو ملا کر یکم جولائی ۱۹۸۶ء سے ۱۵۰۰ ماہوار تک بنیادی تنخواہ پانے والوں کے لیے ۱۰ فیصد اور ۱۵۰۰ روپے ماہوار سے زیادہ تنخواہ پانے والوں کے لیے ۱۲½ فیصد اضافہ کیا گیا ہے اسی نسبت سے وفاقی حکومت کے اُن پنشروں کے لیے بھی اضافہ کیا جائے گا جو ۳۱ دسمبر ۱۹۸۵ء تک ریٹائرڈ ہو چکے ہیں۔

<u>کرایہ مکان الاؤنس</u>:- ۱۵۰۰ روپے ماہوار تک تنخواہ پانے والے وفاقی ملازمین کے کرایہ مکان الاؤنس میں ۴ فیصد اور ۱۵۰۰ روپے ماہوار سے زیادہ تنخواہ پانے والوں کے لیے ۳ فیصد اضافہ کیا گیا ہے۔

<u>سواری الاؤنس</u>:- دفتر آنے اور جانے کے لیے سواری الاؤنس میں ۱۵۰۰ روپے ماہوار تک تنخواہ پانے والوں کے لیے ۴ فیصد اور ۱۵۰۰ روپے ماہوار سے زیادہ تنخواہ پانے والوں کے لیے ۳ فیصد اضافہ کیا گیا ہے۔

مثلاً جناب "د" بنیادی سکیل نمبر ۵ میں ۹۰۰ روپے ماہوار تنخواہ اور ۷۰ روپے ماہوار سواری الاؤنس پا رہے ہیں یکم جولائی ۱۹۸۶ء سے ان کو ۷۳ روپے ماہوار سواری الاؤنس ملیگا

جناب "ب" کی بنیادی سکیل نمبر ۱۶ میں تنخواہ ۱۵۳۰ روپے ماہوار اور سواری الاؤنس ۱۵۰ روپے ماہوار ہے۔ اب اُن کو ۱۵۵ روپے ماہوار سواری الاؤنس ملے گا۔

جناب "و" موٹر کار الاؤنس کے طور پر ۲۸۵ روپے ماہوار وصول کر رہے ہیں اُن کی

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

تنخواہ بنیادی سکیل نمبر ۱۹ میں ۲۳۴۰ روپے ماہوار ہے۔ یکم جولائی سے ان کا موٹر کار الاؤنس ۲۹۴ روپے ماہوار ہوگا۔

روزانہ الاؤنس

یکم جولائی ۱۹۸۶ء سے روزانہ الاؤنس (ڈیلی الاؤنس) کی شرحیں حسب ذیل ہوں گی۔

تنخواہ کی حد	خصوصی شرح	عام شرح
۵۰۰ روپے ماہوار تک	۳۵	۲۵
۵۰۱ روپے تا ۱۰۰۰ روپے ماہوار	۵۵	۴۵
۱۰۰۱ روپے تا ۲۰۹۹ روپے ماہوار	۶۵	۵۵
۲۱۰۰ روپے تا ۳۱۹۹ روپے تک ماہوار	۱۰۰	۸۵
۳۲۰۰ روپے ماہوار اور زیادہ	۱۲۰	۱۰۰

لفٹ اپریٹروں کے لیے خصوصی تنخواہ

لفٹ اپریٹروں کے لیے خصوصی تنخواہ ۲۵ روپے ماہوار مقرر کی گئی ہے۔

قاصدوں اور دفتریوں کے لیے خصوصی تنخواہ

قاصدوں اور دفتریوں کی خصوصی تنخواہ ۲۰ روپے ماہوار سے بڑھا کر ۳۰ روپے ماہوار کر دی گئی ہے۔

پینے کے پانی کی فراہمی اور صفائی کے لیے ادائیگی

پینے کے پانی کی فراہمی اور صفائی کے لیے ماہوار ادائیگی ۵ روپے ماہوار سے ۱۰ روپے ماہوار کر دی گئی ہے۔

دھلائی الاؤنس

یکم جولائی ۱۹۸۶ء سے دھلائی الاؤنس ۱۵ روپے ماہوار سے ۲۵ روپے ماہوار کر دیا گیا ہے۔

یکم جنوری ۱۹۸۶ء تا ۳۰ جون ۱۹۸۶ء

مندرجہ بالا مدت کے دوران ریٹائر ہونے والے پنشنروں کے لیے حسب ذیل شرح سے انڈیکشن

منظور کی گئی ہے۔

۱۵۰۰ روپے ماہوار تک پنشن ۴ فیصد

۱۵۰۰ روپے ماہوار سے زیادہ پنشن ۳ فیصد

کمیوٹیشن

یکم جولائی ۱۹۸۶ء سے اعادہ (گریجویٹی) کا طریق کار ختم کر دیا گیا ہے۔ اب یکم جولائی ۱۹۸۶ء کے بعد ریٹائر ہونے والے پنشنرز اپنی پنشن کے ۵۰ فیصد تک کمیوٹ کرا سکیں گے اور نئی شرح کے مطابق کمیوٹیشن کی رقم وصول کر سکیں گے۔

آخری تنخواہ

یکم جولائی ۱۹۸۶ء سے پنشن کا حساب آخری بارہ ماہ کی اوسط تنخواہ کی بجائے آخری تنخواہ کی بنیاد پر ہوگا۔

۳۰ سال سے زائد ملازمت

۳۰ سال سے زائد ملازمت کے بعد ریٹائر ہونے والوں کو زائد ملازمت کے ہر مکمل سال کے لیے کل پنشن پر ۲ فیصد اضافہ ملے گا جو زیادہ سے زیادہ دس فیصد ہوگا۔

نائب معتمد

حکومت پاکستان

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

وزارت مذہبی امور و اقلیتی امور، اسلام آباد

اخباری اعلامیہ

اس سال باقاعدہ سکیم کے تحت حج کرنے کے لیے وزارت مذہبی امور کو ۵۳ ہزار درخواستیں موصول ہوئی ہیں اس میں سے حج بیت اللہ کے لیے ۳۴ ہزار خوش نصیبوں کو منتخب کرنے کے لیے قرعہ اندازی ۱۲ مارچ کو کمپیوٹر بیورو اسلام آباد میں ہو گی۔

نائب معتمد
....
حکومت پاکستان

دفتر محاسب اعلیٰ پاکستان، لاہور

اخباری اعلامیہ

ترمیم شدہ قواعد پنشن ——— ۱۹۶۶ء

حکومت پاکستان نے سول مرکزی ملازمین کے سلسلے میں قواعد پنشن میں یکم جولائی ۱۹۶۶ء سے ترمیم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ نئے قواعد پنشن کا اطلاق ان مرکزی سرکاری ملازمین پر بھی ہوگا جو یکم جولائی ۱۹۶۶ء سے قبل ریٹائر ہو چکے ہیں یہ حسب ذیل پر مشتمل ہیں۔

۱۔ پنشنر جن کی کل پنشن ۵۰۰ روپے ماہوار سے زیادہ ہے (ان کو کوئی عارضی اضافہ نہیں دیا گیا تھا)

۲۔ جو سرکاری ملازمین یکم دسمبر ۱۹۶۲ء سے قبل ریٹائر ہوئے اور ان کی (کل) پنشن ۵۰۰ روپے ماہوار سے کم تھی اور یکم اپریل ۱۹۶۴ء سے انہیں پنشن میں عارضی اضافہ عطا کیا گیا۔

۳۔ جو سرکاری ملازمین یکم دسمبر ۱۹۶۲ء یا اس کے بعد اور یکم جولائی ۱۹۶۶ء سے قبل ریٹائر ہوئے اور ان کی (کل) ماہوار پنشن ۵۰۰ روپے ماہوار سے کم تھی اور انہیں پنشن میں کوئی ماہوار اضافہ نہیں دیا گیا تھا۔

۴۔ زمرہ (۱) کے سرکاری ملازمین کی پنشن یکم جولائی ۱۹۶۶ء سے نئے قواعد پنشن کی بنیاد پر دوبارہ شمار کی جائے گی۔

۵۔ مندرجہ بالا زمرہ (۲) کے تحت آنے والے سرکاری ملازمین کے معاملے میں موجودہ پنشنروں کی پنشن یکم جولائی ۱۹۶۶ء سے نئے قواعد پنشن کے تحت دوبارہ شمار کی جائے گی۔

جن معاملات میں دوبارہ متعین کردہ پنشن موجودہ پنشن مع عارضی اضافہ سے کم ہوگی تو پنشنروں کو موجودہ پنشن عارضی اضافہ کے ساتھ ملتی رہے گی اور

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

۶۔ مندرجہ بالا فقرہ (۳) کے معاملے میں پنشنروں کو یکم اپریل ۱۹۶۴ء تا ۳۰ جون ۱۹۶۶ء کی مدت کے لیے وہی عارضی اضافہ دیا جائے گا جو دسمبر ۱۹۶۲ء سے قبل کے پنشنروں کو دیا گیا تھا۔ یکم جولائی ۱۹۶۶ء سے ان کی پنشن بھی نئے قواعد پنشن کے تحت دوبارہ شمار کی جائے گی اور جن معاملات میں دوبارہ متعین کردہ پنشن، موجودہ پنشن مع عارضی اضافہ سے کم ہوگی تو ایسی صورت میں موجودہ پنشن مع عارضی اضافہ پنشنروں کو ملتی رہے گی۔

لہٰذا گزارش کی جاتی ہے کہ مرکزی حکومت کے سول پنشنر پیرا ۔ ۲ میں درج دفاتر کو حسب ذیل معلومات مقررہ فارم پر فراہم کریں تاکہ متعلقہ دفاتر محاسبہ وحسابات ان کی پنشنوں کا دوبارہ حساب کر سکیں۔

۱۔ درخواست دہندہ کا نام (جلی حروف میں)

۲۔ درخواست دہندہ کے والد کا نام (جلی حروف میں)

۳۔ درخواست دہندہ کی تاریخ پیدائش۔

۴۔ ریٹائرمنٹ کی تاریخ پر عہدہ۔

۵۔ دفتر/محکمہ کا نام جس سے ریٹائر ہوئے۔

۶۔ تاریخ (ا) ملازمت کے آغاز کی (ب) ریٹائرمنٹ کی۔

۷۔ مسلسل ملازمت کی مدت، ریٹائرمنٹ کے بعد دوبارہ ملازمت کی مدت نکال کر۔

۸۔ ابتدائی ملازمت کی قطع شدہ مدت جسے پنشن کے لیے شمار کرنے کی اجازت دی گئی۔

۹۔ ملازمت میں کمی کی معافی، اگر کوئی ہو۔

۱۰۔ جنگی نوعیت کی ملازمت اگر کوئی ہو۔

۱۱۔ کل ملازمت کے دوران بلا تنخواہ رخصت کی مدت۔

۱۲۔ معطلی مدت اگر کوئی ہو۔

۱۳۔ حکم ادائیگی پنشن نمبر جس پر پنشن وصول کی جا رہی ہے۔

۱۴۔ رقم (ا) ماہوار پنشن کی (ب) انعامیہ کی (ج) عارضی اضافہ۔

۱۵۔ تفویض شدہ رقم

۱۶۔ خزانہ/ڈاکخانہ جس سے پنشن وصول کی جا رہی ہے۔

(۴)۔ درخواست فارم زیر طباعت ہیں اور بہت جلد تمام ڈاکخانوں/خزانوں/ذیلی خزانوں سے دس پیسے فی فارم کی ادائیگی پر دستیاب ہوں گے۔

(۵)۔ درخواست فارم یا تو رجسٹری ڈاک کے ذریعے ارسال کیے جائیں یا کسی کام کے دن دفتری اوقاتِ کار کے دوران ذاتی طور پر اس دفتر محاسبہ وحسابات کے حوالے کیے جائیں جس کے حلقے میں پنشنر اپنی پنشن وصول کر رہا ہو۔ حسب ذیل دفاتر میں درخواستیں وصول کرنے کے لیے خصوصی کاؤنٹر کھولے جا رہے ہیں۔

۱۔ دفتر حسابدار اعلیٰ محاصل پاکستان کراچی

۲۔ دفتر حسابدار اعلیٰ محاصل پاکستان راولپنڈی

۳۔ دفتر حسابدار اعلیٰ محاصل پاکستان مغربی پاکستان لاہور

۴۔ دفتر حسابدار اعلیٰ مشرقی پاکستان ڈھاکہ

۵۔ دفتر افسر مختار حسابات شمالی علاقہ جات مغربی پاکستان پشاور

۶۔ دفتر افسر مختار حسابات جنوبی علاقہ جات مغربی پاکستان کراچی

۷۔ دفتر نائب افسر مختار حسابات، ڈاک، تار و ٹیلیفون ڈھاکہ

۸۔ دفتر نائب افسر مختار حسابات، ڈاک، تار و ٹیلیفون لاہور

مذکورہ بالا دفاتر اس کی رسید جاری کریں گے اور کیس نمبر دیں گے۔ جسے آئندہ تمام حوالوں میں درج کیا جائے گا۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

(۸)۔ درخواستیں وصول ہونے پر کوائف کی تصدیق کی جائے گی اور انتظامی محکمہ جات سے مزید معلومات حاصل کرنے کے بعد پنشنوں پر نظر ثانی کی جائے گی۔ یہ نظر ثانی "تقدیم فائق" کی بنیاد پر کی جائیگی۔

دفتر کمشنر ہزارہ ڈویژن ایبٹ آباد

اخباری اعلامیہ

اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین ۱۹۷۳ء کے مطابق وفاقی یا کسی صوبے کے زیرانتظام قبائلی علاقوں میں صدر پاکستان یا اس صوبے کے گورنر کے خصوصی حکم کے بغیر کوئی قانون نافذ نہیں کیا جاسکتا۔ لہٰذا ضلع کوہستان میں صوبائی حکومت کے زیرانتظام قبائلی علاقہ میں تعمیراتی کاموں کے ٹھیکیداروں سے محکمہ مواصلات و تعمیرات کوئی انکم ٹیکس نہیں کاٹے گا۔ اس سلسلے میں محکمہ مواصلات و تعمیرات کے حکام کو ہدایات جاری کر دی گئی کہ وہ مروجہ قانون کے پیش نظر ضلع کوہستان میں متعلقہ ٹھیکیداروں کے بلوں سے انکم ٹیکس کی کٹوتی نہ کریں۔

خصوصی معاون برائے کمشنر

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

دفتر روزگار ضلع جہلم

اخباری اعلامیہ

محکمہ روزگار جہلم نے گذشتہ ماہ کے دوران ٧٢٥ بے روزگار افراد کے ناموں کا اندراج کیا۔ جبکہ ٢٣١ افراد کو ملازمت دلائی گئی۔

١٩٠ سابق فوجیوں ٤٥٥ دیگر افراد اور ٨٠ خواتین کے نام درج کیے گئے ہیں جن لوگوں کو روزگار فراہم کیا گیا ان میں ٨٠ سابق فوجی، ١٣٦ دیگر افراد اور ١٥ خواتین شامل ہیں اس کے علاوہ مالی، چوکیدار نائب قاصد کی خالی اسامیاں موجود ہیں۔ خواہشمند حضرات اپنی اسناد کے ہمراہ محکمہ روزگار جہلم سے رجوع کریں۔

صنعتی ترقیاتی بنک پاکستان ۔۔ صدر دفتر، کراچی

اخباری اعلامیہ

صنعتی ترقیاتی بنک پاکستان کے ڈائریکٹروں کے اجلاس میں ملک کے مختلف حصوں میں صنعتی منصوبوں کے لیے ٨٠ کروڑ ٢٢ لاکھ روپے کی منظوری دی گئی اس میں ٦٢ کروڑ ١٠ لاکھ روپے کا زرمبادلہ بھی شامل ہے۔

ان منصوبوں میں قصور اور ایبٹ آباد کے اضلاع میں دو ٹیکسٹائل ملوں کے قیام مچھ میں کوئلے کی نکاسی، پشاور میں جی آئی پائپ تیار کرنے کا یونٹ، لسبیلہ میں وڈیو کیسٹ تیار کرنے کا یونٹ خیبر ایجنسی میں سنگ مرمر کی تیاری اور حطار میں سوڈیم ڈائی کرومائیٹ کا یونٹ، ڈیرہ اسماعیل خان میں ہوٹل، کیمبل پور اور مردان میں بناسپتی گھی کا کارخانہ شامل ہیں۔

ناظم تعلقات عامہ
صنعتی ترقیاتی بنک پاکستان

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

دفتر سب ڈویژنل مجسٹریٹ سوہاوہ ضلع جہلم

اجباری اعلامیہ

تحصیل سوہاوہ کی حدود میں واقع امتحان کے مراکز کے ۲۰۰ گز کی حدود کے اندر کنٹرولر امتحانات انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن راولپنڈی کی اجازت کے بغیر اجتماعات پر ضابطہ فوجداری کی دفعہ ۱۴۴ کے تحت ۲ ماہ کے لیے فوری پابندی عائد کر دی گئی ہے اس حکم کا اطلاق مجسٹریٹوں اور موقع پر موجود پولیس عملہ پر نہیں ہوگا۔

سب ڈویژنل مجسٹریٹ

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لیے آج ہی وزٹ کریں